



# نیویارک
# شہر پبلک
# اسکول

## رہنمائی کتابچہ

2019 -2020







NYC
Department of Education

# فوری روابط

## طالبانہ اندراج
ہر گریڈ سطح پر اندراج کے لیے وسائل۔

**ذیل پر جائیں:** schools.nyc.gov/enrollment

**کال کریں:** (718) 935-3500

وہ خاندان جو نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں نئے ہیں وہ ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/newstudents

## خاندانی استقبالیہ مراکز
اندراج اور داخلوں میں بذاتِ خود مدد حاصل کریں۔

**ذیل پر جائیں:** schools.nyc.gov/welcomecenters

### بروکلن
1780 Ocean Avenue, Floor 3
Brooklyn, NY 11230
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 17 ,18 ,22

415 89 Street, Floor 5
Brooklyn, NY 11209
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 20 ,21

1665 St. Mark's Avenue, Room 116
Brooklyn, NY 11233
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 19 ,23 ,32

29 Fort Greene Place, Basement (BS12)
Brooklyn, NY 11217
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 13 ,14 ,15 ,16

### برونکس
1 Fordham Plaza, Floor 7
Bronx, NY 10458
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 7 ,9 ,10

1230 Zerega Avenue, Room 24
Bronx, NY 10462
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 8 ,11 ,12

### مین ہیٹن
333 Seventh Avenue, Floor 12, Room 1211
New York, NY 10001
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 1 ,2 ,4

388 West 125 Street, Floor 7, Room 713
New York, NY 10027
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 3 ,5 ,6

### کوئنز
28-11 Queens Plaza North, Floor 3
Long Island City, NY 11101
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 24 ,30

30-48 Linden Place, Floor 2
Flushing, NY 11354
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 25 ,26

90-27 Sutphin Boulevard, Floor 1
Jamaica, NY 11435
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 27 ,28 ,29

### اسٹیٹن آئلینڈ
715 Ocean Terrace, Building A
Staten Island, NY 10301
**خدمات فراہم کردہ اضلاع:** 31

## خاص تعلیم
خاص تعلیم خدمات اور پروگراموں کے بارے میں مزید جانیئے:

**رابطہ کریں:** آپ کے بچے کا اسکول

**ذیل پر جائیں:** schools.nyc.gov/specialeducation

**ای میل:** specialeducation@schools.nyc.gov

**فون کریں:** (718) 935-2007 یا 311

معذوری کے حامل طلبا کے خاندان جو چارٹر یا غیر پبلک اسکولوں میں جاتے ہیں، ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/CSE

## انگریزی زبان کے متعلمین/ کثیرالسانی متعلمین اعانت
انگریزی سیکھنے والے طلبا کے لیے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں مزید جانیئے۔

**ذیل پر جائیں:** schools.nyc.gov/multilingual-learners

**ای میل:** dml@schools.nyc.gov

**فون کریں:** (212) 323-9559

## ترجمے اور ترجمانی کی خدمات
معلومات کا اپنی زبان میں ترجمہ حاصل کریں۔

**رابطہ کریں:** اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا پرنسپل سے

**ای میل:** hello@schools.nyc.gov

**فون کریں:** (718) 935-2013

## ذرائع نقل و حمل
اسکول سے آنے جانے کے بارے میں مزید جانیں۔

**ذیل پر جائیں:** schools.nyc.gov/transportation

**ای میل:** pupiltransportationteam@schools.nyc.gov

**فون کریں:** (718) 392-8855

## گریڈز اور حاضری دیکھیں

اپنے بچے کی تعلیمی پیش رفت سے باخبر رہیں۔

**رابطہ کریں:** اپنے بچے کے استاد سے

**ذیل پر جائیں:** mystudent.nyc اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ میں لاگ ان کرنے کے لیے*

*آپ کا اسکول ایک اکاونٹ تشکیل دینے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے

## طالب علم سے طالب علم کی غنڈہ گردی / ایذا دہی رپورٹ کرنا

غنڈہ گردی کو رپورٹ کرنے کا محفوظ اور رازدارانہ طریقہ۔

**رابطہ کریں:** عملے کے ایک رکن سے یا اپنے اسکول میں سب کے لیے احترام کے رابطہ کار سے

**ذیل پر جائیں:** nycenet.edu/bullyingreporting

**ای میل:** RespectforAll@schools.nyc.gov

**فون کریں:** 718-935-2288

## بچے کے ساتھ زیادتی کی رپورٹ کرنا

زیادتی کو رپورٹ کرنے کا محفوظ اور رازدارانہ طریقہ۔

**ذیل پر جائیں:** nyc.gov/acs

**فون کریں:** نیویارک ریاست سینٹرل رجسٹر (SCR) بچے کے ساتھ زیادتی اور بدسلوکی کی ہاٹ لائن عوام الناس کے لیے 800-342-3720

## رابطے میں رہیں!

/nycschools

**ای میل**

خبروں، اندراج کی آخری تواریخ، سرگرمیوں اور موسم سے متعلقہ نظام الاوقات میں تبدیلی کے بارے میں باقاعدہ ای میل انتباہ کے لیے schools.nyc.gov/connect پر سائن اپ کریں۔

**311 اور SMS (ٹیسکٹ میسیج)**

اگر آپکے اسکول کے متعلق مزید سوالات ہیں تو 311 سے رابطہ کریں۔ تازہ ترین معلومات موصول کرنے کے لیے 877-877 پر "nycschools" **ٹیکسٹ** کریں۔

*پیغام اور ڈیٹا کے ریٹ کا اطلاق ہو سکتا ہے۔

**سوشل میڈیا:**

نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے بارے میں خبریں بشمول اسکول بند ہونا، اہم تواریخ، تقریبات، اور آخری تواریخ کے لیے فیس بُک پر "NYCSchool" لائیک کریں اور ہمیں NYCSchools@ ٹوئٹر اور انسٹاگرام پر فالو کریں۔

# میئر اور چانسلر کی جانب سے ایک پیغام



**عزیزی اہلِ خانہ**، تعلیمی سال 2019-2020 میں اور اس سال کی نیویارک شہر پبلک اسکول رہنمائی کتابچہ میں خوش آمدید۔

ہمارا یقین ہے کہ علم طاقت ہے اور آپ کا بچہ ایک بہترین تعلیم کا حقدار ہے، اس سے قطعہ نظر کہ آپ کس زپ کوڈ میں رہتے ہیں۔ یہاں آپ کو اہم اسکول روابط، پروگرامز، پالیسیوں، اور آپ اور آپ کے خاندان کو دستیاب دیگر مددگار وسائل کے بارے میں معلومات ملیں گی۔ یہ رہنما کتابچہ آپ کو اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں بہترین فیصلے کرنے کا اختیار دے گا۔ مزید جاننے کے لیے، اپنے بچے کے لیے گریڈ سے متناسب جز پر جائیں۔

نیویارک شہر اور محکمۂ تعلیم کی جانب سے، ہم آپ اور اپنے تمام طلبا کے لیے ایک ولولہ انگیز اور کامیاب سال کی تمنا کرتے ہیں۔

آپ کے ساتھ متحد،

Bill de Blasio
نیویارک شہر میئر

Richard A. Carranza
نیویارک شہر اسکول چانسلر

# اسکول کیلنڈر 2019-20

| | |
|---|---|
| 5 ستمبر | **تمام طلبا کے لیے اسکول کا پہلا دن،**<br>(پری کنڈرگارٹن پبلک اسکول طلبا کے لیے اسکول کا جزوی دن ہو گا۔) |
| 12 ستمبر | والدین اساتذہ کی کانفرنس* ایلیمنٹری اسکول اور K-8 اسکول<br>(شام) |
| 19 ستمبر | والدین اساتذہ کی کانفرنس* مڈل اسکول (شام) |
| 26 ستمبر | والدین اساتذہ کی کانفرنس* ہائی اسکول (شام) |
| 30 ستمبر– 1 اکتوبر | روش ہشانہ (اسکول بند ہونگے) |
| 9 اکتوبر | یوم کیپور (اسکول بند ہونگے) |
| 14 اکتوبر | کولمبس ڈے (اسکول بند ہونگے) |
| 5 نومبر | انتخابات کا دن: طلبا اسکول نہیں آئیں گے۔ |
| 7-6 نومبر | والدین اساتذہ کی کانفرنس *مڈل اسکول اور D75 پروگرامز |
| 11 نومبر | ویٹرنز ڈے منایا جاتا ہے (اسکول بند ہونگے) |
| 14-13 نومبر | ش والدین اساتذہ کی کانفرنس* ایلیمنٹری اسکول اور K-8 اسکول |
| 21– 22 نومبر | والدین اساتذہ کی کانفرنسیںہائی اسکولز، K-12 اور 6-12 اسکولز |
| 29-28 نومبر | تھینکس گیونگ کی تعطیلات (اسکول بند ہونگے) |
| 23 دسمبر –1 جنوری | سرما کی تعطیلات (اسکول بند ہونگے) |
| 2 جنوری | اسکول دوبارہ کھلے گا |
| 20 جنوری | ڈاکٹر مارٹن لوتھر کنگ جونیئر ڈے (اسکول بند ہونگے) |
| 27 جنوری | کلیریکل ڈے صرف اونچے گریڈز کے لیے<br>(ہائی اسکول کے طلبا اور وہ طلبا جو 6-12 اسکولوں میں جاتے ہیں وہ اسکول نہیں جائیں گے، تاوقتیکہ وہ D75 اسکول پروگراموں میں مندرج ہوں) |
| 17 فروری–21 فروری | وسط موسم سرما کی تعطیلات (اسکول بند ہونگے) |
| 4– 5 مارچ | والدین اساتذہ کی کانفرنس* ایلیمنٹری اسکول اور K-8 اسکول |
| 12– 13 مارچ | والدین اساتذہ کی کانفرنس *مڈل اسکول اور D75 پروگرامز |
| 19– 20 مارچ | والدین اساتذہ کی کانفرنسیںہائی اسکولز، K-12 اور 6-12 اسکولز |
| 17-9 اپریل | بہار کی تعطیلات (اسکول بند ہونگے) |
| 7 مئی | والدین اساتذہ کی کانفرنس* ایلیمنٹری اسکول اور K-8 اسکول (شام) |


| | |
|---|---|
| 14 مئی | والدین اساتذہ کی کانفرنس* مڈل اسکول (شام) |
| 21 مئی | والدین اساتذہ کی کانفرنس* ہائی اسکولز، K-12 اور 6-12 اسکولز (شام) |
| 25 مئی | میموریل ڈے (اسکول بند ہونگے) |
| 4 جون | سالگرہ کا دن طلبا اسکول نہیں آئیں گے۔ |
| 9 جون | کلیریکل ڈے صرف نچلے گریڈز کے لیے<br>(ایلیمنٹری اسکول، مڈل اسکول اور D75 کے طلبا اسکول میں حاضر نہیں ہوں گے) |
| 26 جون | **تمام طلبا کے لیے اسکول کا آخری دن**<br>جلدی برخاستگی |

اسکول کی زیادہ تر سندیافتگی کی تقریبات جون کے آخر میں منعقد ہوتی ہیں۔ اسکول اپنی تواریخ خود مقرر کرتے ہیں۔ براہِ مہربانی تفصیلات کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

*والدین اساتذہ کی کانفرنس کی تواریخ شہر پیما ہیں۔ تاہم، اسکول, کانفرنسوں کا انعقاد متبادل تواریخ کو کرنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں۔ برائے مہربانی مخصوص جدول کے لیے اپنے اسکول سے رجوع کریں۔ امتحان کی تواریخ اور دیگر تقریبات کے لیے براہ مہربانی schools.nyc.gov/calendar پر جائیں۔

# اسکول اضلاع نقشہ

اپنا اسکولی ضلع اور زون کا اسکول تلاش کرنے کے لیے، ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/find-a-school.



## فہرستِ مشمولات


**P.4 اسکولی کیلنڈر 20 –2019**

**P.5 ضلع نقشہ**

**P.7 نیویارک شہر اسکولز: سب کے لیے مساوات اور عمدگی**

**P.8 ابتدائی طفلی تعلیم**
- شیرخوار اور چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کے پروگرامز
- 3-K
- پری کنڈرگارٹن
- 3-K اور پری کنڈر گارٹن پروگراموں میں درخواست دینا

**P.10 نیویارک شہر اسکولوں میں اندراج کروانا**
- الیمنٹری اسکول (گریڈز 5–K)
- چارٹر اسکولز
- قابل اور ہنر مند پروگرامز
- مڈل اسکول ( گریڈز 8-6)
- ہائی اسکول (گریڈز 12-9)

**P.18 کالج کے لیے منصوبہ بندی**
- تعلیمات
- کالج میں داخلے کا امتحان
- کالج درخواستیں
- کالج اور طرزِ معاش کے وسائل
- کالج کے لیے ادائیگی

**P.21 طلبا کی تعلیم میں معاونت**
- خاص تعلیم
- انگریزی زبان کے متعلمین/ کثیرالسانی متعلمین
- ترجمہ اور ترجمانی
- طلبا کی پیش رفت اور ترقی
- کمرہ جماعت کے باہر تعلیم

**P.25 والدین کے لیے تقویت**
- اساتذہ کے ساتھ کام کرنا
- والدین اساتذہ کانفرنس
- اسکول کی سرگرمیوں، اجلاسوں اور فیصلوں میں شرکت کرنا
- والدین کے لیے قیادت کے عہدے

**P.27 سب کے لیے معلومات**
- میں کس سے بات کروں؟
- شہر کے اسکولوں تک ذرائع نقل و حمل
- صحت اور بہبود
- اسکول کے کھانے
- نظم و ضبط اور تحفظ

**P.32 اپنے حقوق کو جانیئے۔**
- ہمارے تمام طلبا کو تحفظ فراہم کرنا
- طالب علم کے ووٹ دینے کے حق کا نوٹس
- رازداری کے حقوق کا وفاقی نوٹس

**P.34 مشمولات**

# نیویارک شہر اسکولز: سب کے لیے مساوات اور عمدگی

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کا مقصد تمام طلبا کو انکی بہترین استعداد کے لیے تیار کرنا، اس سے قطعہ نظر کہ وہ کون ہیں، کہاں رہتے ہیں، اور وہ کونسی زبان (زبانیں) بولتے ہیں۔

2015 کے موسم خزاں میں میئر Bill de Blasio نے شہر کے پبلک اسکولوں کے طلبا کے لیے پُرعظم اہداف کے ساتھ شہر کا **سب کے لیے مساوات اور عمدگی** کے لائحہ عمل کا خاکہ پیش کیا تھا —2026 تک شہر کے 80 فیصد طلبا ہائی اسکول سے وقت پر سندیافتہ ہوں گے، اور شہر کے دو تہائی سند یافتگان کالج کی سختیوں کو جھیلنے کے لیے تیار ہوں گے۔

ان اہداف کی تکمیل کے لیے، نیویارک شہر اور محکمہ تعلیم نے ذیل کے اہداف نافذ کیے ہیں:

## 3-K / پری کے فار آل

پانچ سال قبل، نیویارک شہر نے اپنے **پری کے فار آل آغازکار** کے ذریعے شہر کے ہر چار سالہ بچے کے لیے مفت، کل دن **پری کنڈر گارٹن (Pre-K)** کو متعارف کروا کر قومی معیار قائم کیا ہے۔

اس کامیابی پر تعمیر کرتے ہوئے، 2017 کے خزاں میں، DOE نے شہر کے تین سالہ بچوں کو مفت، کُل دن ابتدائی طفلی تعلیم پروگرامز فراہم کرنے کے لیے **3-K فار آل** آغازکار شروع کیا تھا۔ 3-K فار آل فی الحال منتخب کردہ اضلاع میں دستیاب ہے اور اسکی توسیع جاری ہے۔

## AP فار آل

خزاں 2021 تک، شہر کے تمام ہائی اسکول طلبا کی کم از کم پانچ **Advanced Placement, (AP)** کورسز تک رسائی ہوگی۔

## کمپیوٹر سائنس فار آل:

نیویارک شہر فاونڈیشن فار کمپیوٹر سائنس ایجوکیشن (CSNYC) اور رابن ہُڈ کی ایک پبلک-پرائیویٹ شراکت کے ذریعے، 2025 تک، تمام



نیویارک شہر پبلک اسکول طلبا اسکول کی ہر سطح پر اعلی معیار کی **کمپیوٹر سائنس (CS)** تعلیم حاصل کررہے ہونگے۔

- cs4all.nyc پر کمپیوٹر سائنس فار آل کے بارے میں مزید جانیں۔

## سب کے لیے کالج تک رسائی

تعلیمی سال 2019-20 تک، گریڈز 8–6 میں شہر کے ہر مڈل اسکول طالب علم کو کم از کم ایک بار کالج کیمپس کا دورہ کرنے کا موقع ملے گا۔ اس کے علاوہ، شہر کے ہر پبلک ہائی اسکول کا طالب علم اب کالج اور طرز معاش کے ایک انفرادی منصوبے سے آراستہ نکلے گا اور ان کو پیش رفت کی معاونت کرنے والے وسائل اور رہنمائی تک رسائی حاصل ہو گی۔

- نیویارک شہر کے سب کے لیے مساوات اور عمدگی کے نصب العین اور آغازکار کے بارے میں schools.nyc.gov/equityandexcellence پر مزید جانیں۔

## نیویارک شہر اسکول جائزہ:

| | | |
|---|---|---|
| **140,000** ملازمین | **1.1 ملین** طلبا | **80,000** اساتذہ |

## شیرخوار اور چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کے پروگرامز

یہ پروگرامز چھ ہفتے سے دو سال کی عمر تک کے ان خاندانوں کے بچوں کو خدمات پیش کرتے ہیں جو آمدنی اور اہلیت کے دیگر مطلوبات کی تکمیل کرتے ہیں۔ خاندان گھروں یا مراکز میں قائم پروگراموں میں سے منتخب کرسکتے ہیں۔ پروگرامز سارا سال کام کرتے ہیں بشمول گرمیوں کے۔ چند پروگرامز، بشمول ہیڈ اسٹارٹ، جاری اندراج پیش کرتے ہیں، مطلب یہ کہ آپ کا بچہ سال کے دوران کسی وقت بھی پروگرام میں داخل ہوسکتا ہے۔

- شیرخوار اور چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کے پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی schools.nyc.gov/earlylearn پر جائیں۔




## 3-K

3-K پروگرامز تین سالہ بچوں کو تعلیمی یگانہ مواقع فراہم کرتے ہیں جو انکو مستقبل میں اسکول اور زندگی میں کامیابی کے لیے مستعد کرتے ہیں۔ اعلی معیار کا پری اسکول ایک بچے کی کنڈرگارٹن اور اس کے بعد کی تعلیمی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے۔

نیویارک شہر کے 2017 میں پیدا ہونے والے بچے تعلیمی سال 2020–21 کے دوران 3-K پروگراموں میں شرکت کرنے کے اہل ہونگے۔ 3-K فی الحال ذیل کے اضلاع* میں دستیاب ہے، لیکن تمام نیویارک شہر سے خاندانوں کا درخواست دینے کا خیرمقدم کیا جاتا ہے:

- ضلع 4 (مشرقی ہارلم)
- ضلع 5 (ہارلم)
- ضلع 6 (واشنگٹن ہائٹس اور ان وڈ)
- ضلع 7 (جنوبی برونکس)
- ضلع 8 (تھروگس نیک، کنٹری کلب، پیلہم بے، کیسل ہل، ساونڈ ویو، ہنٹس پوائنٹ)
- ضلع 9 (گرینڈ کونکورس، ہائی برج، موریسانیا)
- ضلع 16 (بیڈفورڈ اسٹائی وسنٹ)
- ضلع 19 (ایسٹ نیویارک)
- ضلع 23 (برونزول، ایسٹ نیویارک، اوشن ہل)
- ضلع 27 (براڈ چینل، ہاورڈ بیچ، اوزون پارک، راک اویز)
- ضلع 31 (اسٹیٹن آئلینڈ)
- ضلع 32 (بُش وک)

*خزاں 2019 سے

- nyc.gov/3k پر مزید جانیں۔

## پری کنڈرگارٹن

پری کنڈر گارٹن، بچوں کو مسائل حل کرنا، سوالات پوچھنا، لسانی صلاحیتوں کو فروغ دینا اور مل کر کام کرنا سکھاتا ہے۔ نیو یارک شہر میں ہر چار سالہ بچہ مفت، مکمل دن کے، اعلی معیار کے پروگراموں میں شرکت کر سکتا ہے جو ہر محلے کے ضلعی اسکولوں، پری کنڈرگارٹن مراکز اور نیو یارک شہر ابتدائی طفلی مراکز (NYCEECs) میں دستیاب ہیں۔

- nyc.gov/prek پر مزید جانیں۔



## 3-K اور پری کنڈر گارٹن پروگراموں میں درخواست دہی کی تجاویز

- تازہ ترین معلومات، سرگرمیوں، اور آخری تواریخ کے لیے DOE کی پری کنڈر گارٹن ویب سائٹ (nyc.gov/prek) اور 3-K (nyc.gov/3k) اکثر اوقات ملاحظہ کریں۔

### خزاں 2019:

- اپنے علاقے میں پروگراموں کی تلاش، چھان بین کرنے اور درخواست دینے کے لیے **MySchools** اکاونٹ تخلیق کریں۔(myschools.nyc)
- پری کنڈر گارٹن اور 3-K داخلوں کے بارے میں جاننے کے لیے الیمنٹری داخلوں کی ایک سرگرمی شرکت کریں۔ schools.nyc.gov/calendar پر سرگرمیوں کی تورایخ کو تلاش کریں۔

### جنوری 2020:

- پری کنڈرگارٹن اور 3-K داخلوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **پری کنڈرگارٹن داخلہ رہنمائی کتابچے** کا مطالعہ کریں جو محکمہ تعلیم کی پری کنڈرگارٹن ویب سائٹ پر اور شہر بھر میں خاندانی استقبالیہ مراکز میں دستیاب ہے۔
- اپنی دلچسپی کے پروگراموں کے اوپن ہاوس میں شرکت کریں۔ تورایخ اور مقامات کو محکمئہ تعلیم کی 3-K اور پری کنڈر گارٹن کی ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا۔

### فروری 2020:

- جب پری کنڈرگارٹن اور 3-K داخلوں کی کارروائی شروع ہوگی، MySchools میں اپنے بچے کی درخواست میں 12 تک پروگراموں کو شامل کریں۔ آپ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں بذاتِ خود یا 718-935-2009 پر بذریعہ فون بھی درخواست دے سکتے ہیں۔
- Pre-K/3-K داخلوں کے بارے میں سوالات ہیں؟ آوٹ ریچ ٹیم سے schools.nyc.gov/enrollment پر ایک کال کی درخواست کریں، اپنے مقامی خاندانی استقبالیہ مرکز میں عملے کے ممبران سے بات کریں یا 935-2009 (718) پر فون کریں۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

DOE شہر کے تمام اسکولوں کے لیے کوالٹی سنیپ شاٹ، رہنمائیاں، اور کارکردگی ڈیش بورڈ جاری کرتا ہے۔ schools.nyc.gov/schoolqualityreports پر اپنے اسکول کے طریقوں، ماحول، اور کارکردگی کے بارے میں مزید جانیں۔

# ایلیمنٹری اسکول (گریڈز K–5)

**ایلیمنٹری اسکول** بچوں کی نئی معلومات سیکھنے اور یاد رکھنے کی اہلیت کو فروغ دیتا ہے اور انکی تخلیقی صلاحیت اور تنقیدی سوچ کی نشو ونما کرتا ہے جو بعد کے گریڈز میں ان کو مسابقتوں کا مقابلہ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ گریڈز K–5 مطالعے، تحریر، سماعت، گویائی ریاضی، سائنس، معاشرتی علوم، طبی اور جسمانی تعلیم اور فنون میں طلبا کی بنیادی صلاحیتوں کی تعمیر کرتے ہیں۔

تمام نیویارک شہر کے بچے اس کیلنڈر سال میں ایلیمنٹری اسکول میں کنڈرگارٹن میں داخلے کے اہل ہیں جس سال وہ پانچ سال کے ہونگے۔ ہر موسم سرما میں ہم آنے والے تعلیمی سال کے لیے کنڈر گارٹن کی درخواستوں کو قبول کرتے ہیں اور ہر ایک اہل درخواست دہندہ کو ایک نشست کی ضمانت دی جاتی ہے۔ اگرچہ آپ کا بچہ فی الوقت پری کنڈرگارٹن کا طالب علم ہے، آپ کو ایک کنڈرگارٹن درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔

## چارٹر اسکولز (K–12)

نیویارک شہر کے خاندان **چارٹر اسکولوں** میں بھی درخواست دے سکتے ہیں، جو کہ خودمختار اسکول ہیں جو ایک پانچ سال تک کے معاہدے، یا "چارٹر" کے تحت کام کرتے ہیں، اور ایلیمنٹری، مڈل اور / یا ہائی اسکول گریڈز کو خدمات فراہم کرسکتے ہیں، بشمول پری کنڈرگارٹن۔ نیویارک میں، کوئی بھی طالب علم جو پبلک اسکول میں داخلے کا اہل ہے وہ ایک چارٹر اسکول میں بھی داخلے کا اہل ہے۔

چونکہ چارٹر اسکولز انفرادی طور پر اپنے نصاب اور پالیسیوں کا تعین کرتے ہیں، ہر اسکول کی مخصوص داخلہ معلومات اور تعلیمی توقعات مختلف ہوسکتی ہیں۔ ہر چارٹر اسکول کی اپنی داخلہ درخواست اور لاٹری ہے، اور طلبا جتنے چاہیں اسکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں۔

وہ خاندان جو شہر کے چارٹر اسکولوں میں درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں انہیں اپنے بچے کے لیے موزوں ترین اسکول تلاش کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر **Find a School** وسیلہ استعمال کرنا چاہیئے۔ نصاب اور داخلے کے طریقِ کار کے بارے میں جاننے کے لیے ہر اسکول سے انفرادی طور پر رابطہ کریں۔

- schools.nyc.gov/charters پر شہر کے چارٹر اسکولوں کے بارے میں مزید جانیں۔

### ایلیمنٹری اسکولوں میں درخواست کے لئے مشورے

داخلوں کی جدید ترین معلومات، تقریبات، اور آخری تواریخ کے لیے DOE کی ایلیمنٹری داخلوں کی ویب سائٹ (schools.nyc.gov/enrollment) پر جائیں۔

**ستمبر 2019:**

- ❑ ایک **MySchools** اکاونٹ بنائیں (myschools.nyc) اور اپنے بچے کو اپنے ڈیش بورڈ پر شامل کریں۔ اس کے بعد یہ معلوم کریں کہ آیا آپ کا کوئی زون اسکول ہے اور اپنے انتخابات کی چھان بین کریں۔

**اکتوبر 2019:**

- ❑ نئے **کنڈرگارٹن اور قابل و ہنر مند داخلے رہنمائی کتابچہ** کی ایک نقل کسی خاندانی استقبالیہ مرکز یا قریبی اسکول سے حاصل کریں۔
- ❑ ایلیمنٹری اسکول داخلوں کی کسی سرگرمی میں شرکت کریں۔ schools.nyc.gov/calendar پر سرگرمیوں کی تواریخ تلاش کریں۔
- ❑ اوپن ہاوس اور دوروں کی تواریخ کی معلومات کے لیے اسکول سے براہِ راست رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ پر اوپن ہاوس کی تواریخ دیکھیں۔

**نومبر 2019:** کنڈرگارٹن درخواست دہی کے دورانیے کا آغاز۔ جنوری کی آخری تاریخ سے پہلے آن لائن MySchools میں، ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں بذاتِ خود، یا بذریعہ فون 935-2009 (718) پر 12 تک اسکولوں میں درخواست دیں۔

## کنڈرگارٹن

کنڈرگارٹن میں خواندگی اور حساب کے بنیادی تعمیری بلاکس کو تشکیل دیا جاتا ہے۔ اسباق میں شامل ہیں:



- حروف تہجی سیکھنا (بشمول حروف کی آوازیں، الفاظ اور تلفظ)؛
- بات چیت، مصوری، اور تحریر کے ذریعے خیالات اور جذبات کا بانٹنا؛
- موسیقی کی تحقیق، حرکت کرنا اور کھیل کھیلنا؛
- 100 تک ہندسوں کی نشان دہی کرنا اور گننا؛ اور
- 10 تک اعداد کی جمع اور تفریق کرنا۔

## پہلا گریڈ

پہلے گریڈ کے طلبا اپنے الفاظ، ریاضی اور اپنے اردگرد کی دنیا کے علم کو اسباق سے آگے بڑھاتے ہیں جن میں شامل ہے:

- درجے کی قدر (پلیس ویلیو) اور مکمل اعداد کا فہم؛
- 20 تک ہندسوں کی جمع اور تفریق۔
- وقت بتانا؛ اور
- جاندار اشیا کی ساخت اور طرزِ عمل کا مطالعہ۔

## دوسرا گریڈ

دوسرے گریڈ کے طلبا مطالعے اور تحریر کی صلاحیتوں کو مختلف متن کے ذریعے فروغ دیں گے اور اپنی ریاضی کی صلاحیتوں کو مزید توسیع دیں گے۔ دوسرے گریڈ کے طلبا سیکھتے ہیں:

- اپنی تحریر میں تدوین کرنا؛
- جو مطالعہ کرتے ہیں اس کے بارے میں "کون، کیا، کہاں، کب، کیوں اور کیسے" جیسے سوالات پوچھنا؛
- ریاضی پر مبنی لفظی مسائل کو حل کرنا؛
- پیمائش کے معیاری یونٹس استعمال کرنا؛ اور
- بنیادی ارضی سائنس کی تحقیق۔

## تیسرا گریڈ

تیسرے گریڈ میں، طلبا اپنے اردگرد کی دنیا کا مطالعہ کرتے ہیں، اپنے خیالات کا واضح طریقے سے اظہار کرنا سیکھتے ہیں، اور اپنی ریاضی کی مہارت کو بہتر بناتے ہیں۔ تیسرے گریڈ کے طلبا:

- 100 تک کے ہندسوں کے ضرب اور تقسیم کے مسائل حل کرتے ہیں؛
- کسروں کی سمجھ پیدا کرتے ہیں؛
- دنیا کی برادریوں اور ثقافتوں کے بارے میں سیکھتے ہیں؛
- یہ سیکھتے ہیں کہ جانور اور پودے کس طرح رہتے اور اپنے ارد گرد ماحول کو کس طرح اپناتے ہیں؛ اور
- ان سے پہلی بار نیو یارک ریاست ریاضی / ELA امتحانات (گریڈز 8-3) لینا مطلوب ہے۔



## چوتھا گریڈ

جب طلبا چوتھے گریڈ میں جائیں گے تو وہ سیکھیں گے:

- متن کے موضوعات یا مرکزی خیال کی نشان دہی کرنا، نوٹس لکھنا، تحقیق کرنا اور معلومات کو منظم کرنا؛
- کسروں کو جمع، تفریق اور ضرب دینا؛
- زاویوں، حجم، اور وقت کی پیمائش کرنا؛
- توانائی، حرکت، برقیات، اور مقناطیسیت کی خصوصیات دریافت کرنا؛ اور
- جانداروں اور ماحولیاتی نظام کے بارے میں اور ان طریقوں کا مطالعہ جن کے ذریعے پانی، زمین اور ہوا ایک دوسرے سے تعامل کرتے ہیں۔

## پانچواں گریڈ

مڈل اسکول سے قبل آخری گریڈ — پانچویں گریڈ کے طلبا — اس نصاب کی تیاری میں وقت صرف کریں گے جو یہ گریڈ 8-6 میں پڑھیں گے۔ پانچویں گریڈ کے طلبا جو سیکھیں گے اس میں سے کچھ میں شامل ہے:

- علامتی زبان کا استعمال؛
- سوویں جگہ تک اعشاریے کو استعمال کرنے کی تعلیم حاصل کرنا؛
- حجم  اور جیومیٹری کا فہم پیدا کرنا؛
- ایڈوانسڈ کسریں، پیمائشیں، اور قوت نما کے استعمال کی تحقیق کرنا؛ اور
- عالمی جغرافیہ، مغربی ثقافتوں، ابتدائی مغربی معاشروں کی تعلیم حاصل کرنا۔

## قابل اور ہنرمند پروگرامز (گریڈز K-5)

**قابل اور ہنرمند (G&T)** پروگرامز ایلیمنٹری اسکول میں ایک اعلیٰ درجے کا انتخاب ہے جو طلبا کو تیز تر، کڑی اور متخصص تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ کنڈر گارٹن تا گریڈ 3 میں داخلے ہونے والے طلبا G&T داخلوں کی کاروائی میں شرکت کر سکتے ہیں، جس میں ایک G&T تشخیص شامل ہے۔

schools.nyc.gov/gt پر مزید جانیئے۔

# مڈل اسکول (گریڈز 8–6)

**مڈل اسکول** ایک بچے کی تعلیم اور سماجی-جذباتی نشو ونما کے لیے ایک اہم دورانیہ ہے۔ یہ ایک منتقلی کا ایسا وقت ہے جو کئی جسمانی، جذباتی، اور سماجی تبدیلیاں پیش کرتا ہے۔ جیسے طلبا اپنی خودمختاری کی چھان بین کرنے کا آغاز کرتے ہیں اور ہائی اسکول اور اسکے بعد کے لیے بنیاد تعمیر کرتے ہیں، والدین کے لیے یہ اہم ہے کہ وہ سرگرم عمل رہیں اور باخبر رہیں کہ انکے بچوں کی زندگیوں میں کیا ہورہا ہے۔

وہ طلبا جو فی الوقت K–5, K–8 یا K–12 اسکولوں میں پانچویں گریڈ میں ہیں انہیں اپنے پانچویں گریڈ کی خزاں میں مڈل اسکول میں درخواست دینے کی ضرورت ہے، اگرچہ ان کے پاس ایک ضمانت شدہ پیشکش موجود ہو۔ K–6 اسکولوں کے طلبا اپنے چھٹے گریڈ کی خزاں میں درخواست دیں گے۔ کچھ مڈل اسکولوں میں ایسے پروگرامز ہیں جو درخواست دہندگان کی گریڈز، امتحان کے اسکورز، اور / یا دیگر معیارات پر تشخیص کرتے ہیں، یا اس بنیاد پر داخلوں کو ترجیح دیتے ہیں کہ طلبا کہاں رہتے ہیں یا کہاں اسکول جاتے ہیں۔

➤ schools.nyc.gov/middle پر مڈل اسکول داخلوں کے بارے میں مزید جانیں۔



## مڈل اسکول میں درخواست کے لئے مشورے

داخلوں کی جدید ترین معلومات، تقریبات، اور آخری تواریخ کے لیے DOE کی مڈل اسکول داخلوں کی ویب سائٹ (schools.nyc.gov/middle) پر جائیں۔

### ستمبر 2019:

- ❑ ایک **MySchools** اکاونٹ بنائیں (myschools.nyc) اور اپنے بچے کو اپنے ڈیش بورڈ پر شامل کریں۔

### اکتوبر 2019:

- ❑ محکمئہ تعلیم کا **ہائی اسکول داخلے رہنما کتابچہ** پڑھیں، یہ ایلمنٹری اسکولوں اور خاندانی استقبالیہ مراکز میں خزاں 2019 سے دستیاب ہوگا۔
- ❑ مڈل اسکول انتخابات پر بات چیت کرنے کے لیے اپنے رہنما مشیر سے ملیں۔
- ❑ اسکولوں کے اوپن ہاوس یا معلوماتی اجلاس کے بارے میں جاننے کے لیے اسکول سے براہ راست رابطہ کریں؛ مڈل اسکول میلوں اور دیگر سرگرمیوں میں شرکت کریں۔

### نومبر 2019:

- ❑ اپنے بچے کی مڈل اسکول درخواست تک MySchools میں یا اپنے اسکول کے مشیر کے ذریعے رسائی حاصل کریں۔ اپنے بچے کی درخواست میں 12 تک پروگراموں کو شامل کریں اور ان کو اپنی حقیقی ترجیح کی ترتیب میں درج کریں۔
- ❑ اسکول کے لیے داخلے کی کسی بھی اضافی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے تیار رہیں، بشمول آڈیشن، انٹرویو، تشخیصات اور/ یا پورٹ فولیو کے۔




## چھٹا گریڈ

جب طلبا مڈل اسکول چھٹے گریڈ میں شروع کرتے ہیں، ان کے کچھ اسباق ان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ:

- اپنی زبان کے انداز اور لہجے کو فروغ دیتے ہوئے حکایات اور دلائل تحریر کریں؛
- اپنے جیومیٹری کے علم کو وسعت دیں بشمول رقبہ، سطح، احاطہ، اور حجم کے؛
- الجبرا، شماریات اور تناسب کا علم حاصل کریں؛
- زمین کے ماحولیاتی نظام کے بارے میں اپنے علم میں اضافہ کریں؛ اور
- مشرقی کرہ کے جغرافیا اور تاریخ کی تحقیق کریں گے بشمول افریقہ، ایشیا، یورپ، اور آسٹریلیا۔

## ساتواں گریڈ

ساتویں گریڈ میں، طلبا ذیل کریں گے:

- مختلف اصناف اور انداز میں تحریر کریں گے، بشمول کثیر نقطئہ نظر کے دلائل کے ساتھ ایک مضمون؛
- شرح، تناسب، مقدار اور فیصد کو استعمال کر کے ریاضی کے مسائل حل کریں گے؛
- جیومیٹری کی اشکال بنائیں گے؛
- علم ارضیات اور انجنئرنگ کا مطالعہ کریں گے؛
- ماقبل کلونیل دور سے لے کر خانہ جنگی کے دور تک شہر، نیو یارک ریاست اور ریاستہائے متحدہ کی تاریخ کے بارے میں جانیں گے؛ اور
- بصری فنون، موسیقی، رقص، یا تھیٹر کی تحقیق کریں گے۔

## آٹھواں گریڈ

ہائی اسکول کا آغاز کرنے سے پورا ایک تعلیمی سال قبل مڈل اسکول کے طلبا:

- ایسے مختلف متن کا ترجمہ اور تجزیہ کریں گے جو ان کو ہائی اسکول کی سطح کی مانگوں کے لیے تیار کریں گے؛
- مختلف تحریری تکنیکوں کا مطالعہ کریں گے بشمول مطابقت، رمز، اور استہزا (irony)؛
- استدلالیہ متن کی منطق اور جواز کی تشخیص کریں گے؛
- الجبرا کی مساوات کو حل کرنے کے لیے گراف پر کام کریں گے، فیثاغورث سے منسوب کلیے استعمال کریں گے اور دو اور تین ابعادی اشکال کا تجزیہ کریں گے؛ اور
- جنیات اور ارتقائی حیاتیات کی تعلیم

# ہائی اسکول (گریڈز 12-9)

**ہائی اسکول** ایک پر جوش وقت ہے؛ طلبا کے پاس زیادہ انتخابات ہوتے ہیں — اور زیادہ ذمہ داری ہوتی ہے۔ طلبا کالج اور طرزمعاش کے مواقعوں کی کھوج کرتے ہوئے، اور سندیافتگی کی جانب مطلوبات کی تکمیل کرتے ہوئے مختلف موضوعاتی شعبوں میں مہارت کی جانب کام کرتے ہیں۔ گریڈز، کورس ورک، غیر نصابی سرگرمیاں، انٹرن شپس، اور رضاکاری کے تجربے بہت اہم ہیں۔ آپ کے بچے کو ذمہ داریوں کی درجہ بندی کرنے میں اور توجہ مرکوز رکھنے میں مدد کی ضرورت ہو گی۔

نیویارک شہر کے طلبا کو اپنے آٹھویں گریڈ میں ہائی اسکول کے لیے درخواست دینی لازمی ہے۔ 700 سے زیادہ پروگرامز دستیاب ہیں، اور طلبا اپنی ہائی اسکول درخواست پر 12 پروگراموں تک میں درخواست دے سکتے ہیں۔ کچھ اسکول درخواست دہندگان کی تشخیص کورس کے گریڈز، **نیویارک ریاست فنون انگریزی زبان (ELA) اور ریاضی** امتحانات، حاضری، آڈیشن، اور / یا دیگر معیارات کی بنیاد پر کرتے ہیں، یا داخلوں کو اس بنیاد پر ترجیح دیتے ہیں کہ طلبا کہاں رہتے ہیں۔

- schools.nyc.gov/high پر ہائی اسکول داخلوں کے بارے میں مزید جانیں۔

دلچسپی رکھنے والے طلبا لگوارڈیا ہائی اسکول میں چھ اسٹوڈیوز کے لیے بھی آڈیشن دے سکتے ہیں اور / یا **متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT)** دے سکتے ہیں، جو آٹھ **متخصص ہائی اسکولوں** میں داخلے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

- schools.nyc.gov/shs پر متخصص ہائی اسکول داخلوں کے بارے میں مزید جانیں۔
- schools.nyc.gov/dreamprogram پر DREAM پروگرام کے ذریعے SHSAT کے لیے تیاری کرنے کے بارے میں مزید جانیں۔

## ہائی اسکول میں درخواست کے لئے مشورے

DOE کی ہائی اسکول داخلوں کی ویب سائٹ (schools.nyc.gov/high) پر جاکر تازہ ترین ہائی اسکول داخلوں کی معلومات، تقریبات اور آخری تواریخ سے باخبر رہیں۔

**MySchools** اکاونٹ (myschools.nyc) پر بنائیں اور اپنے بچے کو اپنے ڈیش بورڈ پر شامل کریں۔ نیویارک شہر ہائی اسکول انتخابات، بشمول کورسز، دستیاب کھیل اور مزید کے بارے میں جاننے کے لیے MySchools کو استعمال کریں۔

### اکتوبر 2019:

- ❑ نیا **ہائی اسکول داخلے رہنما کتابچہ** کو پڑھیں، یہ اسکولوں اور خاندانی استقبالیہ مراکز میں خزاں 2019 سے دستیاب ہوگا۔

### نیویارک شہر متخصص ہائی اسکولوں میں درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں؟

- ❑ جدید ترین **متخصص ہائی اسکول طلبا کے دستی کتابچہ** پڑھیں، خزاں 2019 میں schools.nyc.gov/shs پر دستیاب ہوگا، اور اپنے بچے کا امتحان اور / یا آڈیشنز MySchools میں شیڈول کریں۔
- ❑ ہائی اسکول داخلوں کے رہنما کتابچہ میں "اپنے امکانات جانیں" "Know Your Chances" جز کو کسی بھی چھان بین کے ساتھ یا آڈیشن پروگرام کے مطلوبات کے لیے دیکھیں۔
- ❑ ہائی اسکول داخلوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہائی اسکول میلوں میں شرکت کریں۔
- ❑ خاص تقریبات، اوپن ہاوس یا طلبا کی رہنمائی میں دوروں کے بارے میں جاننے کے لیے اسکول سے براہِ راست رابطہ کریں۔

### نومبر 2019:

- ❑ جب درخواست دہی کا طریقِ کار شروع ہو، اپنے بچے کی درخواست میں 12 تک پروگرام شامل کریں، انہیں اپنی اصل ترجیحی ترتیب میں رکھیں۔
- ❑ اپنی درخواست پر درج پروگراموں کے لیے کوئی بھی مطلوبہ تشخیصات، آڈیشنز، انٹرویوز، یا دیگر مطلوبات کی تکمیل کریں۔
- ❑ درخواست کی دسمبر 2019 کی آخری تاریخ تک MySchools میں یا اپنے بچے کے اسکول کونسلر کے ذریعے درخواست دیں۔

**2020 مارچ:** طلبا ہائی اسکول پیشکشیں موصول کرتے ہیں بشمول متخصص ہائی اسکولوں کی جانب سے۔ اس موقع پر، طلبا کو اپنی پیشکشوں میں سے ایک کو قبول کرنے یا راونڈ 2 داخلوں کی کارروائی میں حصہ لینے کا انتخاب ہوگا۔ راؤنڈ 2 کی پیشکش راؤنڈ 1 کی پیشکش کی جگہ لے لیتی ہے؛ طلبا ان دونوں پیشکشوں میں سے انتخاب نہیں کرسکتے۔ راونڈ 2 کی پیشکشیں مئی 2020 میں کی جائیں گی۔




## تعلیمات

ہائی اسکول کے اختتام تک، طلبا سے کچھ کورسز اور مختلف مضامینی شعبوں میں امتحانات پاس کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے، بشمول انگریزی، ریاضی، معاشرتی علوم، اور سائنس۔ طلبا کو سندیافتہ ہونے کے لیے کل 44 کریڈٹ حاصل کرنا لازمی ہے، جن کو مختلف مضامین کے شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے، اور مخصوص امتحانات پاس کرنا لازمی ہے۔

اسکولوں کو یقینی بنانا چاہیئے کہ تمام طلبا کے لیے ہائی اسکول سے کالج یا ملازمت میں منتقلی کے لیے منصوبے ہیں۔

## ڈپلومہ کے لیے مطلوبات

نیو یارک ریاست میں طلبا تین قسم کے ڈپلومہ حاصل کرسکتے ہیں: ایک **مقامی ڈپلومہ**، ایک **ریجنٹس ڈپلومہ**،یا ایک **ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ** ۔ تمام طلبا کی سب سے کڑے ممکنہ ڈپلومہ انتخاب کی مطلوبات کی تکمیل کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیئے۔ اگر کوئی والدین یہ سمجھتے ہیں کہ انکا بچہ سند یافتگی کی راہ پر نہیں ہے انہیں طالب علم کے رہنما مشیر سے فوراً بات کرنی چاہیئے۔

schools.nyc.gov/graduationrequirements پر مقامی، ریجنٹس، اور ایڈونسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کے ساتھ ساتھ کالج اور طرز معاش کی مستعدی کے بارے میں مزید جانیں۔

جتنا بھی ممکن ہو طلبا کو نہایت مسابقت طلب کورس کے کام کو مکمل کرنا چاہیئے اور ان کو ایڈوانسڈ کورسز کے کام، اختیاری مضامین اور ضرورت کے مطابق اضافی مدد سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

ہائی اسکول میں داخل ہونے والے طالب علم کے لیے **طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE)** کورس کے سلسلے لینے کا انتخاب بھی موجود ہے، جس کے دوران طلبا مخصوص طرزِ معاش کے ایک جز کے بطور، سائنس، ٹکنالوجی، انجنئرنگ، اور ریاضی (STEM) کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور صنعتی پیشہ وران کے ساتھ کام کرکے ملازمت کی صلاحیتیں سیکھتے ہیں۔ شعبوں میں شامل ہیں انفارمیشن ٹیکنالوجی، ہیلتھ کئیر، میڈیا اینڈ ڈیزائن، کنسٹرکشن، انجنئرنگ، ٹرانسپورٹیشن، کلنری آرٹس اور ہاسپٹیلیٹی، اور بزنس۔

cte.nyc پر مزید جانیں۔

## سندیافتہ ہونے کے دیگر طریقے

اضافی پروگرام دستیاب ہیں جو اہل بڑی عمر کے یا کم کریڈٹ رکھنے والے طلبا کی ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے میں اور ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لیے تیار ہونے میں مدد کرتے ہیں۔

## تبادلہ اسکول

وہ طلبا جن کی عمر 21-16 سال کے درمیان ہے جنہوں نے ہائی اسکول کا کم سے کم ایک سال مکمل کر لیا ہے وہ تبادلہ اسکول میں شرکت کر سکتے ہیں۔ تبادلہ ہائی اسکولوں کی سندیافتگی کے مطلوبات وہی ہیں جو دیگر ہائی اسکولوں کے ہیں اور طلبا کو دن میں کُل وقت اسکول میں شرکت کرنی لازمی ہے۔ تمام تبادلہ اسکول طلبا کو کریڈٹس اور ہائی اسکول کی تکمیل کرنے کے لیے درکار صلاحیتیں حاصل کرنے اور کالج اور طرز معاش کی مستعدی کے لیے متعدد مواقع فراہم کرتے ہیں۔

## نوبالغ برو مراکز

وہ طلبا جن کی عمر 17 اور 21 سال کے درمیان ہے جنہوں نے ہائی اسکول کے چار سال مکمل کرلیے ہیں اور کم سے کم 17 کریڈٹس حاصل کر چکے ہیں تو وہ ایک **نوبالغ برو مراکز (YABC)** میں شرکت کرنے کے اہل ہیں۔ YABCs بغیر ڈپلومہ دینے والے شام کے پروگرام ہیں اور ان ہائی اسکول طلبا کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں جو کریڈٹس حاصل کرنے میں پیچھے ہیں، اسکول چھوڑنے کے خطرے سے دوچار ہیں، یا دن کے دوران انکی بالغانہ ذمہ داریاں ہیں جو انہیں اسکول میں شرکت کرنے میں مزاحم ہوتی ہیں۔

# ڈپلومہ متبادلات

شہر کے وہ مکین اور طلبا جو شہر کے ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے کی راہ پر گامزن نہیں ہیں وہ ایسی دیگر اسناد اور کریڈیشنل حاصل کر سکتے ہیں جو ان کے ہائی اسکول کے بعد طرز معاش کے انتخابات کو وسعت دینے میں مدد کریں گے:

## پاتھ ویز ٹو گریجویشن پروگرام

**پاتھ ویز ٹو گریجویشن (P2G)** طلبا کو **ہائی اسکول مساوی ڈپلومہ** حاصل کرنے میں مدد کر کے ان کے کامیاب مستقبل کے لیے تیاری اور درکار آلہ کار فراہم کرتا ہے۔

شہر بھر میں مقامات کے ساتھ، ایک مفت، کل وقتی پروگرام، P2G پروگرام، 21-17 سال کی عمر کے طلبا کے لیے کھلا ہے۔

➤ p2g.nyc پر مزید جانیں۔

## تعلیم بالغان اور جاری تعلیم پروگرام

21 سال اور اس سے بڑی عمر کے بالغان، بالغان کی بنیادی تعلیم، ہائی اسکول مساوی، دیگر زبانیں بولنے والوں کے لیے انگریزی اور طرز معاش اور تکنیکی تعلیم کلاسوں میں اندراج کروا سکتے ہیں۔ کلاسیں پانچوں بروز میں واقع ہیں اور ان کی پیشکش دن کے دوران، شام کو اور ہفتہ / اتوار کو کی جاتی ہے۔

➤ schools.nyc.gov/adulted پر تعلیم بالغان کے بارے میں مزید جانیئے۔

## کمنسمنٹ کریڈینشلز

طلبا دو قسم کے کمنسمنٹ کریڈنشلز حاصل کرسکتے ہیں، جو ڈپلومہ نہیں ہیں: CDOS کمیسمنٹ کریڈینشل اور اسکلز اینڈ اچیؤمنٹ کمینسمنٹ کریڈنشل:

تمام طلبا جنھوں نے کم از کم بارہ سالوں تک اسکول میں شرکت کی ہے، بشمول کنڈرگارٹن، وہ ایک **کرئیر ڈولپمنٹ اینڈ آکوپیشنل اسٹڈیز کریڈینشل (CDOS)** حاصل کرسکتے ہیں، جو کہ CDOS تدریسی معیارات کی مہارت کے ذریعے طلبا کی ابتدائی سطح کے کام کی تیاری کی تصدیق کرتا ہے۔ طلبا ایک کرئیر پلان، ملازمتی خاکہ اور طرز معاش کی مستعدی کے تجربات کے 216 گھنٹے، بشمول اسکولی اعانت کے ساتھ ملازمت پر مبنی آموزش کے 54 گھنٹے مکمل کرتے ہیں۔

**اسکلز اینڈ اچیؤمنٹ کمینسمنٹ کریڈنشل** طلبا کی تعلیمات، طرزِ معاش کی تیاری اور اسکول بعد زندگی، تعلیم اور کام کے لیے درکار دیگر بنیادی ہنرمندیوں میں طلبا کی صلاحیتوں اور کامیابیوں کی تصدیق کرتا ہے۔ یہ سند صرف شدید ادراکی معذوری کے حامل ان طلبا کو دستیاب ہوسکتی ہے جو **نیویارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA)** میں حصہ لیتے ہیں۔



# کالج کے لیے منصوبہ بندی

خاندان جتنا جلدی کالج میں شرکت کرنے کی منصوبہ بندی کا آغاز کریں گے، طلبا کے لیے اگلا قدم اٹھانے کے لیے راہ اتنی ہی ہموار ہو گی۔ چاہے منصوبہ چار سالہ کالج میں جانے کا ہو یا دو سالہ کالج میں، یا ملازمت میں یا ملازمت کی تربیت پروگرام میں داخل ہونے کا، طلبا اور ان کے والدین کو رہنما مشیران کے ساتھ باقاعدہ بات چیت کرتے رہنا چاہیئے تاکہ مواقع، درخواستوں اور داخلوں سے باخبر رہا جاسکے۔

## تعلیمات

مزید مسابقت طلب کلاسیں طلبا کی ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کی مطلوبات کی تکمیل کرنے اور کالج اور ملازمت کے لیے انہیں بہتر طور پر تیار ہونے میں مدد کرتی ہیں۔ ان ایڈوانسڈ کلاسوں میں شامل ہوسکتی ہیں:

**ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP)** کورسز، جو مختلف مضامین میں پیش کی جانے والی کالج کی سطح کی کلاسیں ہیں جیسے غیر ملکی زبانیں، فنون، انگریزی، تاریخ، حکومت، ریاضی اور سائنس؛

**کالج ناو اور CUNY ارلی کالج** کورسز، ہائی اسکول طلبا کے لیے مفت ہیں اور ان کا شمار CUNY کالج کی ڈگری کی جانب کیا جاتا ہے؛ یا

**انٹرنیشنل بیچلریٹ (IB)** کورسز، کالج کی تیاری کی کلاسیں ہیں جن کی پیشکش انفرادی طور پر یا ایک IB نصاب کے حصے کے طور پر کی جاتی ہے۔ کورس کے مضامین میں انگریزی، غیر ملکی زبان، معاشرتی علوم، سائنس، کمپیوٹر سائنس اور دیگر کورسز شامل ہیں۔

## کالج میں داخلے کا امتحان

طلبا کو کالج کے داخلے کا کم سے کم ایک امتحان لینے کی ضرورت ہو گی جیسے کہ **SAT** یا **ACT** چار سالہ کالج میں داخلے کے لیے۔ کونسے امتحان کو ترجیح دی جاتی ہے اس کا تعین کرنے کے لیے انفرادی کالج کی جانچ کریں۔

### PSAT

دی **پریلمنری SAT (PSAT)** SAT کی مشق کا بہترین طریقہ ہے۔ اسکور اس بات کا اشارہ ہو سکتا ہے کہ ایک طالب علم SAT امتحان میں کیسی کارکردگی دکھائے گا اور یہ ان کو ممکنہ وظیفوں کے لیے اہل بنا سکتے ہیں۔ طلبا عموماً گریڈ 10 اور 11 میں PSAT لیتے ہیں۔

- collegeboard.org/student/testing/psat پر PSAT کے بارے میں مزید جانیئے

### SAT

**SAT** ایک اختیاری مضمون کے ساتھ کثیر انتخابی امتحان ہے جو طلبا کی مطالعے، ریاضی، اور تحریر کی صلاحیتوں کی پیمائش کرتا ہے۔ عموماً طلبا اس کو دو بار لیتے ہیں: ایک بار گریڈ 11 میں، اور ایک بار گریڈ 12 میں۔ اپنے فیصلے کرتے وقت عام طور پر کالج طالب علم کے اونچے ترین اسکور کو زیر غور لاتے ہیں۔ اپنے اسکول سے امتحانی سہولیات کے لیے رابطہ کریں، اگر درکار ہوں۔

### SAT اسکول دن

ہر بہار میں، شہر کے ہائی اسکول کے منتظمین طلبا اور خاندانوں کے لیے بغیر کسی لاگت کے، اسکول دن کے دوران گریڈ 10 کے طلبا کے لیے PSAT کا اور گریڈ 11 کے طلبا کے لیے SAT کا انعقاد کرتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ SAT اسکول دن کب ہوگا، ایک رہنما مشیر سے بات کریں۔

- khanacademy.org/test-prep/sat پر یہ جانیں کہ طلبا SAT امتحان کے لیے کس طرح تیاری کر سکتے ہیں۔

### SAT مضمون امتحانات

منتخبہ چار سالہ کالج عام طور پر اس کا تقاضا کرتے ہیں، یہ امتحانات مخصوص مضمون میں علم کی پیمائش کرتے ہیں۔ طلبا کو SAT مضمون کے امتحان کو ہائی اسکول کے متعلقہ کورس کو مکمل کرنے کے فوراً بعد دینا چاہیئے۔ فیس سے استثنا اور معذوری کی سہولیات حسبِ ضرورت دستیاب ہیں۔

- sat.collegeboard.org پر SAT اور SAT مضامین کے امتحانات کے بارے میں مزید جانیں۔

### ACT

SAT کے متبادل، **ACT** انگریزی، ریاضی، مطالعہ اور سائنس کا احاطہ کرتا ہے۔ اس کی پیشکش تحریری جز کے ساتھ اور بغیر کی جا سکتی ہے۔ تحریری جز انگریزی حصے کا ایک اضافی حصہ ہوتا ہے اور زیادہ انتخابی کالج اس کا تقاضا کرتے ہیں۔ طلبا جن کالجوں کے لیے درخواست دیں گے انہیں ان کالجوں کے امتحان کے تقاضوں کو دیکھنا چاہیئے۔ فیس سے استثنا اور معذوری کی سہولیات حسبِ ضرورت دستیاب ہیں۔

- act.org پر ACT کے بارے میں مزید جانیں۔

## کالج درخواستیں

تحقیق، تیاری اور وقت پر ایک درخواست جمع کروانے کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے طلبا اور والدین کو ایک صلاح کار، رہنما مشیر، یا استاد کے ساتھ کام کرنا چاہیئے۔ درخواست عموماً اساتذہ کی جانب سے ایک سفارشی خط، مضمون، تحریر کے نمونے، ہائی اسکول ٹرانسکرپٹ اور کالج کے داخلے کے امتحان کے اسکور کا تقاضا کرتی ہے۔

➤ bigfuture.collegeboard.org/get-in/applying پر کالج درخواست کی رہنمائی، گوشواہ وقت، اکثر پوچھے جانے والے سوالات اور مزید دیکھئے۔

## کالج اور طرزِ معاش کے وسائل

- **کالج اور طرزِ معاش کی منصوبہ بندی:** schools.nyc.gov/collegeandcareerplanning.
- **انگریزی زبان کے متعلمین/ کثیرالسانی متعلمین کے لیے کالج کی منصوبہ بندی:** schools.nyc.gov/mll/collegereadiness.
- **نیویارک ریاست اعلٰی تعلیم خدمات کارپوریشن:** hesc.ny.gov.
- **کرئیر زون:** careerzone.ny.gov.
- **تعلیمی اور مالی تیاری کی جانچ کی فہرست:** studentaid.ed.gov/prepare-for-college/checklists.

## IEPs کے حامل طلبا کے لیے منتقلی کی منصوبہ بندی

ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کی منصوبہ بندی ایک اہم طریقِ کار ہے خاص طور پر IEPs کے حامل طلبا کے لیے۔ والدین کو سندیافتگی کے طریقوں، منتقلی کے وسائل، اور انکے بچے کے لیے بہترین مواقع کے بارے میں بات کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہئیے۔ اس کے علاوہ، برو میں واقع **منتقلی اور کالج رسائی مراکز** خاندانوں کی منتقلی کی منصوبہ بندی کے لیے وسائل اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔ اپنے بچے کے IEP کے جائزے کے اجلاسوں میں، جب وہ 15 سال یا اس سے زیادہ کے ہوجائیں، آپ کو منتقلی کے اہداف اور خدمات پر بات چیت کرنے کا موقع ملے گا۔ آپ کے پاس ایک پیشہ ورانہ تشخیص مکمل کرنے کا موقع بھی ہو گا جس میں آپ اپنے بچے کی توانائیوں، دلچسپیوں اور مسابقتوں کی وضاحت کر سکتے ہیں۔

➤ IEPs کے حامل طلبا کے لیے منتقلی کی منصوبہ بندی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/IEPtransition پر جائیں۔

# کالج کے لیے ادائیگی

## کالج کے اخراجات کو سمجھنا

سرمائے کی تشویشات کو اہل خانہ اور طلبا کو تمام انتخابات کی تحقیق کرنے سے نہیں روکنا چاہیئے - لیکن یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کالج کا خرچہ کتنا ہے۔ کالج کا سب سے بڑا خرچہ عموماً ٹیوشن یا وہ قیمت ہے جو کالج، کلاسوں کے لیے لیتے ہیں۔ اخراجات کے چار اضافی زمرے ہیں جو ٹیوشن کے ساتھ ملکر شرکت کی کُل لاگت بناتے ہیں:

- کمرہ اور طعام، (رہائش اور طعام)
- کتب اور لوازمات
- ذاتی اخراجات
- ذرائع نقل و حمل

➤ ایک مخصوص کالج کے لیے قیمت کا اندازہ لگانے کے لیے collegecost.ed.gov پر جائیں۔

## کالج کے لیے بچت کرنا

بچے کی کالج کی تعلیم کے لیے بچت کرنے کا آغاز جتنی جلد کریں بہتر ہے۔ نیویارک ریاست کا **529 کالج سیونگ پروگرام** کالج کے لیے بچت کرنے والے اہل خانہ کے لیے ٹیکس کے نمایاں فوائد کی پیشکش کرتا ہے۔ مستقبل کے کالج طالب علم کے لیے کوئی بھی رشتہ دار یا دوست ایک اکاونٹ تشکیل دے سکتا ہے۔

➤ مزید معلومات کے لیے nysaves.org پر جائیں۔

## مالی امداد کے لیے درخواست دینا

**مالی امداد** گرانٹ، وظائف، کام اور تعلیم، اور قرضوں کے ذریعے طلبا کو کالج کے لیے ادائیگی میں مدد کرتی ہے۔ مالی امداد طلبا اور خاندانوں کے لیے کالج کی لاگت میں کافی کمی لاسکتی ہے۔

کالج کے لیے کئی قسم کی مالی امداد کا اہل ہونے کے لیے، طلبا اور ان کے اہل خانہ کے لیے **وفاقی طالبانہ امداد کی مفت درخواست**، جس کو **FAFSA** کہا جاتا ہے، جمع کروانا لازمی ہے۔ FAFSA آن لائن 1 اکتوبر سے fafsa.ed.gov پر دستیاب ہوگی، اور خاندان اپنے جدید ترین ٹیکس ریٹرنز (2018) سے آمدنی کی معلومات استعمال کرسکتے ہیں۔

FAFSA کو مکمل کرنے میں مدد کے لیے اسکول کے رہنما مشیر، استاد، یا منتظم سے بات کریں یا ایک تفصیلی جائزے اور رہنمائی کے لیے جو 10 زبانوں میں دستیاب ہے، understandingfafsa.org پر جائیں۔

FAFSA کو پُر کر کے طلبا متعدد قسم کی مالی امداد کے اہل ہو سکتے ہیں:

**عطیات** وفاقی اور ریاستی حکومتوں کے ساتھ ساتھ کالج کے ذریعے فراہم کیے جاتے ہیں۔ عطیات کا انحصار مالی امداد کی ضروریات پر ہے اور اس کو واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

**نیو یارک اسٹیٹ ٹیوشن اسسٹینس پروگرام:** نیو یارک ریاست میں رہنے والے طلبا ٹیوشن اسسٹینس پروگرام(TAP) کے اہل ہو سکتے ہیں، نیو یارک کے مخصوص کالجوں یا یونیورسٹیوں کے لیے عطیہ۔

- ذیل پر اہلیت کی معلومات، درخواست کیسے دی جائے اور اکثر اوقات پوچھے جانے والے سوالات کو پائیں hesc.ny.gov/pay-for-college.

**وظائف** عموماً طلبا کو تعلیم، کھیلوں، رضاکاری کام، دلچسپی، نسل یا مذہب کی بنیاد پر عطا کیے جاتے ہیں۔ مطلوبات کے لیے انفرادی طور پر کالجوں سے جانچ کریں۔ وظائف کو واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

**نیوبارک ریاست کا ایکسلسئر اسکالرشپ** تمام SUNY اور CUNY، دو اور چار سالہ کالجوں کے اہل نیوبارک کے مکینوں کو مفت ٹیوشن فراہم کرتا ہے جن کے خاندان فی سال $125,000 تک کماتے ہیں۔

- hesc.ny.gov/pay-for-college پر مزید جانیں۔

**تعلیم کے ساتھ کام (ورک اسٹڈی)** طلبا کو کالج کے اخراجات کے لیے پیسہ کمانے کے لیے جز وقتی طور پر کالج کے کیمپس میں یا برادری میں ملازمت کرنے کا موقع دیتا ہے۔

**قرضے** کالج کے لیے رقم ہے جس کو طالب علم اور ان کے اہل خانہ کے ذریعے واپس کرنا لازمی ہے۔ مالی ضروریات کا مظاہرہ کرنے والے طلبا کے لیے وفاقی حکومت طلبا کو کم سود والے قرضے فراہم کرتی ہے۔

**چار سالہ کالج میں شرکت کرنے اور گھر پر رہنے والے نیو یارک شہر کے طالب علم کا سالانہ خرچہ***

| کالج | CUNY | SUNY | نجی کالج |
|---|---|---|---|
| ٹیوشن اور فیس | $7,000 | $8,310 | $39,460 |
| کمرہ اور طعام (رہائش، کھانا، یوٹیلٹی بل، پارکنگ کا خرچہ) | $5,502 | $3,860 | $3,300 |
| کتب اور لوازمات | $1,364 | $1,340 | $1,100 |
| نقل و حمل اور سفر | $1,054 | $1,900 | $1,000 |
| ذاتی اخراجات | $1,788 | $1,630 | $1,100 |
| **شرکت کی کل لاگت** | **$16,747** | **$17,040** | **$45,960** |

*خزاں 2017 کی ٹرم کی بنیاد پر

## مالی امداد کے وسائل

**ریاستہائے متحدہ محکمئہ تعلیم FAFSA کے لیےطالبانہ وفاقی امداد ویب سائٹ:** fafsa.ed.gov

**طلبا اور اہل خانہ کے لیے ریاستہائے متحدہ محکمئہ تعلیم طالبانہ وفاقی امداد ویب سائٹ:** studentaid.ed.gov

**بغیر دستاویز والے طلبا کے لیے مالی امداد:** thedream.us/resources/education/

**FAFSA کو سمجھنا: ہائی اسکول کے طلبا کے لیے ہاو ٹو گائیڈ:** understandingfafsa.org

**ریاستہائے متحدہ محکمئہ تعلیم کالج کی قیمت اور استطاعت کی رہنمائی:** collegecost.ed.gov

**نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم مالی امداد ویب سائٹ:** schools.nyc.gov/financialaid

**مالی امداد کا حساب لگانا:** finaid.org/calculators/loanpayments.phtml

**FAFSA کے لیے سات آسان اقدامات :** finaid.ucsb.edu/fafsasimplification

**جنریشن نیویارک شہر کالج کے لیے ادائیگی:** growingupnyc.cityofnewyork.us/generationnyc/topics/paying-for-school/

# طالبانہ تدریس کی معاونت

گھر پر اور اسکول میں اپنے بچے کی تعلیم کی معاونت آپ کے بچے کی تعلیم پر مثبت اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ جب خاندان مصروفِ عمل ہوتے ہیں، طلبا کے اونچے گریڈ لانے، اپنے اور اپنی اہلیتوں کے بارے میں اچھی رائے رکھنے، سند یافتہ ہونے اور سیکنڈری بعد تعلیم جاری رکھنے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ جو طلبا اسکول میں مناسب معاونت موصول کرتے ہیں وہ کلاس روم میں پھلنے پھولنے اور کامیاب ہونے کے قابل ہوتے ہیں۔ اگر کسی بچے کو اضافی مسابقتوں کا سامنا ہے، تعلیمی معاونتیں اور خدمات ان کی ضروریات کی تکمیل کے لیے موجود ہیں۔

## خاص تعلیم

**خاص تعلیم** ان خدمات، پروگراموں اور تدریس سے منسوب ہے جو معذوری کے حامل طلبا کے لیے انفرادی تعلیمی نشو ونما کو فروغ دینے کے لیے تشکیل دیئے گئے ہیں۔ ایک **انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)** ان طلبا کے لیے تیار کیا جاتا ہے جو خاص تعلیم خدمات موصول کرنے کے اہل ہیں۔ IEP میں ایک طالب علم کی دلچسپیوں، خوبیوں، ضروریات، اور مجوزہ پروگرامز اور خدمات کے بارے میں معلومات شامل ہوتی ہیں۔ ایک IEP کا مقصد معذوری کے حامل طلبا کو وہ خدمات فراہم کرنا ہے جو کم سے کم ممکنہ پابندی کے ماحول میں انکی انفرادی ضروریات کو پورا کرے۔

اگر کوئی بچہ کلاس میں جد وجہد کا شکار ہے، اسکول طلبا کو عام تعلیم کے ماحول میں اضافی معاونتیں فراہم کرسکتا ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کو اضافی مدد درکار ہے، تو آپ اپنے بچے کے پبلک اسکول کو تحریر کرکے اور ایک خاص تعلیم تشخیص کے لیے گزارش کے ذریعے اپنے بچے کو ایک خاص تعلیم تشخیص کا حوالہ یا ایک "ابتدائی حوالہ" دے سکتے ہیں۔

ایک بار آپ کے بچے کی تشخیص کی کارروائی مکمل ہوجانے کے بعد، آپ کو اپنے بچے کی IEP ٹیم کے ایک ممبر کے بطور یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا آپ کا بچہ خاص تعلیم خدمات کا اہل ہے اور ایک IEP تیار کرنے کے لیے ایک اجلاس میں شرکت کے لیے مدعو کیا جائے گا۔

➤ خاص تعلیم اور حوالہ دینے کے طریقِ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/specialeducation پر جائیں۔

## انگریزی زبان کے متعلمین/ کثیرالسانی متعلمین

ایک **انگریزی زبان متعلم / کثیرالسانی متعلم** (ELL/MLL)، ایک ایسا طالب علم ہے جسکی بنیادی یا گھریلو زبان انگریزی نہیں ہے اور جس کو انگریزی سیکھنے کے لیے مدد درکار ہے۔ اسکول اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں کہ تمام بنیادی مضامین میں کامیابی کے لیے ELLs/MLLs اعلی سطح پر مطالعہ، تحریر اور بولنے کے قابل ہیں۔

### لسانی ضروریات کی نشاندہی

تمام نئے اندراج کردہ طلبا سے ایک **گھریلو زبان کا سوالنامہ (HLQ)** مکمل کرنا اور ایک اہل استاد یا عملے کے ممبر کے ذریعے دیے گئے ایک غیررسمی انٹرویو میں شرکت کرنا مطلوب ہے۔ اگر HLQ اور انٹرویو یہ نشاندہی کرتے ہیں کہ گھر پر انگریزی کے علاوہ دوسری زبان استعمال کی جاتی ہے، آپ کے بچے کے لیے **نیویارک ریاست نشاندہی کا امتحان برائے انگریزی زبان کے متعلمین (NYSITELL)** لینا لازمی ہے۔ NYSITELL کے نتائج یہ بتائیں گے کہ آیا آپ کے بچے کی بطور انگریزی زبان کے متعلم/ کثیرالسانی متعلم کے نشاندہی ہوتی ہے۔

اگر آپ کے بچے کو انگریزی زبان کی معاونتی خدمات درکار ہیں تو اسکولی عملے کے ارکان آپ کے اہل خانہ سے مختلف دستیاب پروگراموں (ذیل میں ملاحظہ کریں) کے بارے میں وضاحت کرنے کے لیے ملاقات کرتے ہیں۔ یہ اجلاس والدین کی ترجیحی زبان میں منعقد کیا جاتا ہے۔

### پروگراموں کی اقسام

انگریزی زبان کے متعلمین /کثیرالسانی متعلمین کے پاس اپنی تعلیم اور لسانی ضروریات کی معاونت کرنے کے لیے تین انتخابات ہیں:

**دوہری زبان پروگرام** طلبا کو دو زبانوں میں تعلیم فراہم کرتے ہیں: انگریزی اورایک دوسری زبان، جیسے کہ ہسپانوی، چینی، فرانسیسی یا بنگالی۔ اس پروگرام کے ذریعے طلبا انگریزی اور دوسری زبان دونوں میں مطالعہ کرنا، تحریر کرنا اور بولنا سیکھتے ہیں۔ کلاسیں انگریزی میں ماہر طلبا اور ایک ہی بنیادی یا گھریلو زبان بولنے والے انگریزی زبان کے متعلمین دونوں پر مشتمل ہوتی ہیں۔

**عبوری دولسانی تعلیمی** پروگرام انگریزی اور طلبا کی گھریلو زبان میں تعلیم دیتا ہے۔ ان کلاسوں میں ہر طالب علم ایک ہی بنیادی یا گھریلو زبان بولتا ہے۔

**انگریزی بحثیت نئی زبان** پروگرام، خاص حکمت عملیاں استعمال کرتے ہوئے انگریزی میں تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ اس پروگرام میں طلبا متعدد مختلف لسانی پس منظر سے آتے ہیں۔

- ذیل پر ELL/MLL پروگراموں کے بارے میں مزید جانیں: schools.nyc.gov/multilingual-learners. اضافی معلومات کے لیے dml@schools.nyc.gov پر ای میل کریں یا ELL/MLL والدین کے لیے ہاٹ لائن 9559-323 (212) پر رابطہ کریں۔

## ترجمہ اور ترجمانی

DOE آپ کی زبان بولتا ہے! اگر آپکو اپنی زبان میں مدد کی ضرورت ہے تو اپنے والدین ربط دہندہ یا پرنسپل سے پوچھیں۔ ہمارے اسکولوں میں انگریزی کے علاوہ، زیادہ تر بولی جانی والی نو زبانوں کی ترجمہ اور ترجمانی کی مفت خدمات عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیشیئن کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو میں فراہم کی جاتی ہیں۔ ان نو زبانوں میں ترجمہ شدہ دستاویز ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ ترجمانی کی خدمات 200 زبانوں میں دستیاب ہیں۔ اگر آپ کے لسانی خدمات کے بارے میں کوئی سوالات یا تبصرات ہیں تو 935-2013 (718) پر رابطہ کریں یا ذیل پر جائیں: hello@schools.nyc.gov

### اشاروں کی زبان

اشاروں کی زبان میں ترجمانی کی خدمات کے لیے براہ کرم اپنے والدین ربط دہندہ سے یا دفتر برائے اشاروں کی زبان میں ترجمانی کی خدمات سے 0051-208-(212) ایکسٹینشن 7181 پر رابطہ کریں یا OSLIS@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

## طلبا کی پیش رفت اور ترقی

اساتذہ طلبا کی تعلیم کی پیمائش، کلاس میں سوالات، ہوم ورک، مفوضہ کام، تحریری مشقوں، امتحانات، کوئز اور پراجیکٹوں کے ذریعے کرتے ہیں۔ حالانکہ نیو یارک ریاست اسکور کو زیر غور لایا جاتا ہے، تاہم طالب علم کی اگلے گریڈ کی مستعدی کا تعین کرنے کے لیے یہ بنیادی یا اہم جز نہیں ہے۔

تعلیمی سال کے وسط میں، اسکول والدین کو تحریری طور پر مطلع کرتے ہیں اگر ان کا بچہ اگلے تعلیمی سال کے دوران اگلے گریڈ میں نہ جانے کے خطرے سے دوچار ہے۔ اپنے بچے کی کامیاب ہونے میں مدد کے لیے اضافی معاونتوں پر بات چیت کرنے کے واسطے والدین کی استاد، رہنمائی مشیر، یا پرنسپل سے ملاقات کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

- اپنے بچے کے اسکول کے ساتھ بات چیت کر کے یا ذیل پر جا کر DOE کے ترقی کی مطلوبات کے بارے میں مزید جانیں schools.nyc.gov/summerschool.

## حاضری اہم ہے

ہر تعلیمی دن طلبا کچھ نیا کرتے یا سیکھتے ہیں۔ اسکول نہ آنے کا مطلب تعلیم حاصل نہ کرنا ہے۔

نیویارک شہر کے اسکولوں میں حاضری کے بارے میں جاننے والی اہم باتیں:

- ایک طالب علم جو کم از کم ایک کلاس پیرئیڈ میں اسکول میں نہیں ہے اسے غیرحاضر درج کیا جائے گا، چاہے غیرحاضری معافی شدہ ہو۔
- ہر غیرحاضری گنی جاتی ہے۔ معافی شدہ غیرحاضریاں پھر بھی غیرحاضریاں ہیں۔ اسکول غیرحاضریوں کو معاف کرسکتے ہیں اگر کوئی طالب علم مذہبی، طبی یا ہنگامی صورتِ حال کی وجہ سے اسکول نہیں آتا ہے، تاہم ایک معافی شدہ غیر حاضری پھر بھی طالب علم کے ریکارڈ کا حصہ ہوتی ہے۔
- اسکولوں کے لیے خاندانوں کو مطلع کرنا لازمی ہے جب ایک طالب علم غیرحاضر ہو یا دیر سے آئے۔ کیا آپ کے اسکول کے پاس آپ سے رابطے کی درست معلومات ہیں؟

- schools.nyc.gov/schoolattendance پر مزید جانئیے۔

## این وائی سی اسکولز اکاونٹ کے ساتھ طالب علم کی پیش رفت کی نگرانی کریں

آن لائن ٹول **NYC Schools Account** کے ذریعے آپ اپنے بچے کی اسکول میں پیش رفت کے بارے میں معلومات تک باآسانی رسائی حاصل کرسکتے ہیں، بشمول گریڈز اور حاضری کے۔ ایک کمپیوٹر، سمارٹ فون، ٹیبلٹ یا انٹرنیٹ کی رسائی کے ساتھ کسی بھی آلے کے ذریعے mystudent.nyc پر جاکر اپنا این وائی سی اسکول اکاونٹ تخلیق یا اس پر لاگ ان کریں۔ ایک اکاونٹ بنانے کے لیے، اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے رابطہ کریں۔ اگر آپکو ایک کمپیوٹر تک رسائی درکار ہے تو اپنی مقامی پبلک لائبریری میں جائیں۔

## گرمیوں کا اسکول

**گرمیوں کے اسکول** میں، طلبا جنہوں نے گریڈ سطح کے ترقی کے معیارات کی تکمیل نہیں کی تھی وہ اضافی تدریس موصول کرتے ہیں اور تقویتی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں جو انہیں اگلے تعلیمی سال کے لیے تیار کرتی ہیں۔

آپ کے طالب علم کا اسکول آپ کو مطلع کرے گا اگر آپ کے بچے کے لیے گرمیوں کا اسکول تجویز کیا جاتا ہے۔ طالب علم کے گرمیوں کا اسکول مکمل کرلینے کے بعد، اسکول ان کے کے گرمیوں کے اسکول اور معمول کے اسکول کے کام اور تشخیصات کا جائزہ لے گا تاکہ یہ تعین کیا جا سکے کہ آیا وہ ستمبر میں اگلے گریڈ میں جانے کے لیے تیار ہیں۔

- مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/summerschool ملاحظہ کریں۔

گرمیوں کا اسکول طلبا کے لیے DOE کے **سمر ان دا سٹی** تقویتی پروگراموں میں سے ایک ہے۔ schools.nyc.gov/summer پر مزید جانیئے۔

## کمرہ جماعت کے باہر تعلیم

### اسکول بعد پروگراموں کے لیے درخواست دیں

اسکول بعد پروگرامز بچوں کو نئے شوق دریافت کرنے، معاشرتی و جذباتی صلاحیتیں پیدا کرنے، اور کلاس روم کے باہر دلچسپیوں کی تحقیق کرنے کے مواقع فراہم کر کے طلبا کی تعلیم کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ اپنے والدین ربط دہندہ، رہنما مشیر، یا پرنسپل سے اپنے اسکول میں برادری پر مبنی پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے بات کریں۔

شہر بیما پروگرام بھی دستیاب ہیں۔ schools.nyc.gov/afterschool پر مزید جانیئے۔

شہر کا محکمئہ برائے نوجوان اور برادری فروغ دہی (DYCD) بھی سینکڑوں اسکول بعد پروگراموں کی اعانت کرتا ہے جو ساکر، رقص، کمپیوٹر سائنس، ٹینس، فیشن ڈیزائن، اور بہت سی سرگرمیوں کی پیشکش کرتے ہیں۔ مزید جاننے کے لئیے ذیل پر جائیں: dycdportal.nyc/discoverdycd۔

### سمر ان دا سٹی

**سمر ان دا سٹی (SITC)** نیویارک شہر کا گرمیوں میں تعلیم کا طریقِ کار ہے۔ SITC کے ذریعے، حصہ لینے والے طلبا ریاضی اور مطالعے میں تعلیم موصول کرتے ہیں، شہر بھر میں ثقافتی اداروں کا دورہ کرتے ہیں، اور تمام گرمیوں میں انہیں مفت اور صحت بخش ناشتہ اور دوپہر کا کھانا فراہم کیا جاتا ہے۔

SITC شہر کے طلبا کو ذیل کے تعلیمی مواقع پیش کرتا ہے:

#### گرمیوں کا اسکول:

یہ پروگرام ان طلبا کے لیے ہے جو معمول کے تعلیمی سال کے اختتام تک گریڈ سطح کے ترقیاتی معیارات کی تکمیل نہیں کرتے ہیں۔

#### گرمیوں کی (سمر) اکیڈمی:

سمر اکیڈمی پروگرامز طلبا کو کُل دن، عملی STEM (سائنس، ٹکنالوجی، انجنئرنگ، اور ریاضی) سرگرمیاں اور تعلیم فراہم کرتے ہیں، اور ساتھ ہی میوزیم، پارکس اور دیگر ثقافتی جگہوں کے فیلڈ ٹرپس بھی۔ گرمیوں کی اکیڈمی کے پروگراموں میں شامل ہیں:

**پہلے اور دوسرے گریڈ کی سمر اکیڈمی:**

گریڈز 1-2 کے طلبا کے لیے جو اگلے گریڈ سطح کی چھان بین کرنا اور آگے رہنا چاہتے ہیں۔

**کثیرالسانی متعلمین:**

گریڈز 1-8 کے طلبا کے لیے جو اپنی تعلیمی اور لسانی صلاحیتوں کو تفریحی اور مصروف رکھنے والے اسباق سے مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔

**STEM SITC:**

گریڈز 2-10 کے طلبا کے لیے ایک پانچ ہفتے کا پروگرام جو STEM مضامین کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں، بشمول پروگرامنگ روبوٹس، کمپیوٹر کوڈ لکھنا، اور گیمز ڈیزائن کرنا۔

**STEM Matters NYC:**

ایک پروگرام جو گریڈز K–11 کے طلبا کو ایرواسپیس، حیواناتی سائنس، میرین بیالوجی، ایکالوجی، اور انجنئرنگ جیسے مضامین میں پراجیکٹ پر مبنی تدریس پیش کرتا ہے۔

**DREAM-SHSI:**

DREAM کا متخصص ہائی اسکول ادارہ مڈل اسکول کے اہل طلبا کو متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT) کے لیے تیار کرتا ہے، گرمیوں میں، اور تمام سال کے دوران ہفتے کے دن بھی۔

- schools.nyc.gov/dream-program پر مزید جانیں۔
- ہر سمر اکیڈمی پروگرام کے بارے میں اضافی پروگرامنگ کی معلومات اور ساتھ ہی مخصوص اندراج اور مقام کی تفصیلات ذیل پر پائی جاسکتی ہیں: schools.nyc.gov/summer

## گرمیوں میں اضافی تقویتی سرگرمیاں

- نیویارک شہر محکمئہ نوجوانان اور اجتمائی فروغ دہی پروگرامز: nyc.gov/dycd
- نیو یارک شہر محکمئہ برائے پارکس اور تفریح: nycgovparks.org
- IDNYC شناختی کارڈ کے ساتھ مفت اور کم قیمت مواقع: nyc.gov/idnyc

## NYC Reads 365

مطالعہ زندگی کی ایک اہم صلاحیت ہے؛ ہم جتنا زیادہ مطالعہ کرتے ہیں، ہم اتنا ہی زیادہ علم حاصل کرتے ہیں، اور اتنا ہی زیادہ ہمارا ذہن مستعد ہوتا ہے۔

**NYC Reads 365** محکمئہ تعلیم کی ایسی آغاز کاری ہے جو نیو یارک کے تمام عمر کے مکینوں کو روز مطالعہ کرنے کے لیے چلنج کرتی ہے۔ عمر سے متناسب ہماری مطالعے کی فہرستوں کو استعمال کر کے، شہر بھر کے والدین، اپنے بچوں کی لطف، علم، تفریح، تحقیق اور ترغیب کے لیے مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں۔

➤ NYC Reads پر schools.nyc.gov/nycreads365 365 کے بارے میں مزید جانیں۔

## مفت سافٹ ویئر استعمال کریں

آپ کا بچہ اسکول پروجیکٹس پر گھر میں کام کرنا جاری رکھ سکتا ہے۔ شہر کے طلبا کے خاندان پانچوں بروز میں Google G-Suite کو تعلیم* کے لیے مفت استعمال کرسکتے ہیں، اور منتخبہ مائکروسافٹ سافٹ وئر اہلِ خانہ کے پانچ تک کمپیوٹرز اور اہل خانہ کے پانچ ٹیبلٹس، سمارٹ فون، یا دیگر موبائل آلات پر ڈاون لوڈ کرسکتے ہیں۔

➤ مزید جاننے کے لیے edu.google.com اور studentoffice.net پر جائیں۔

* اگر آپکے بچے کے کلاس روم میں استعمال ہوتا ہے

## IDNYC کے لیے درخواست دیں

**IDNYC** کے ساتھ شہر کی سیر کریں یہ شہر شہر کا نیا مفت بلدیاتی شناختی کارڈ ہے جو 14 سال اور اس سے بڑی عمر کے نیو یارک شہر کے تمام مکینوں کے لیے دستیاب ہے۔ IDNYC کو بطور شناخت اور سکونیت کے ثبوت کے طور پر شہر کی ایجنسیوں بشمول DOE اور NYPD میں قبول کیا جاتا ہے۔ کارڈ رکھنے والے فلموں کی ٹکٹوں، فنکارانہ پیشکشوں اور کھیلوں کی سرگرمیوں لیے رعایت کے ساتھ ساتھ 40 ثقافتی اداروں بشمول میٹروپالیٹن میوزیم آف آرٹ، دی امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری، برونکس زو اور بہت کچھ کے لیے ایک سال کی مفت رکنیت موصول کرتے ہیں۔ مکین اپنے IDNYC کارڈ کو شہر کی کسی بھی پبلک لائبریری میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

➤ مزید معلومات کے لیے nyc.gov/idnyc پر جائیں۔

## اضافی وسائل

مندرجہ ذیل ویب سائٹس پر ایسی گراں قدر رہنمائی اور وسائل ہیں جن کو طلبا اور والدین گھر پر کلاس روم کی تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں:

- قومی PTA کی طلبا کی کامیابی کے واسطے والدین کے لیے رہنمائی: pta.org/4446.htm
- ریاستہائے متحدہ محکمئہ تعلیم والدینیت وسائل: ed.gov/parents
- ریاستہائے متحدہ کانگریس کی لائبریری 'ریڈنگ' ویب سائٹ: read.gov
- دی میتھ فورم کا "Ask Dr. Math" ویب پیج: mathforum.org/dr.math
- نیشنل جیوگرافک کڈز: kids.nationalgeographic.com
- Smithsonian سائنس ایجوکیشن سینٹر: ssec.si.edu
- PBS پیرنٹس: pbs.org/parents/
- والدین کے لیے Sesame اسٹریٹ سائٹ: sesamestreet.org/parents

# والدین کے لیے تقویت

## اسکولوں کے معیار کے بارے میں مزید جانیں

DOE شہر کے تمام اسکولوں کے لیے کوالٹی سنیپ شاٹ، رہنمائیاں، اور کارکردگی ڈیش بورڈ جاری کرتا ہے۔ schools.nyc.gov/schoolqualityreports پر اپنے اسکول کے طریقوں، ماحول، اور کارکردگی کے بارے میں مزید جانیں۔

## اساتذہ کے ساتھ کام کریں

اساتذہ ہر روز طلبا کے ساتھ کام کرتے ہیں اور سیکھنے کے انفرادیانداز اور طرز عمل کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ بچوں کی اسکول کے اندر اور باہر دونوں ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے والدین اور اساتذہ مل کر کام کر سکتے ہیں۔

## والدین اساتذہ کانفرنسوں میں شرکت کریں

والدین اساتذہ کی کانفرنسوں کا انعقاد سال میں چار مرتبہ کیا جاتا ہے، اور اہل خانہ کے لیے ان میں شرکت اہم ہے یہ آپ کے لیے اساتذہ کے ساتھ ملاقات کرنے اور اپنے بچے کی پیش رفت کے بارے میں سوالات پوچھنے کا موقع ہے۔ وقت سے پہلے سوالات لکھ لینا مددگار ہوسکتا ہے، جیسے:

- میرا بچہ کیا کام اچھا کرتا ہے اور کس کام میں میرے بچے کو دشواری پیش آتی ہے؟
- آپ میرے بچے کو کس طرح چیلنج کرتے ہیں؟
- جس بچے کو اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے تو آپ اس کی معاونت کس طرح کرتے ہیں؟
- میرے بچے کے لیے گھر پر مطالعہ کرنے کے لیے آپ کونسی کتابیں تجویز کریں گے؟
- میرے بچے کا اپنے کلاس کے ساتھیوں اور بڑوں کے ساتھ کیسا رویہ ہے؟
- میرا بچہ کتنے اسکولی دنوں میں غیر حاضر رہ چکا ہے یا تاخیر سے آیا ہے؟

➤ schools.nyc.gov/ptc پر والدین اساتذہ کانفرنسوں کے بارے میں مزید جانیئے۔



## نیو یارک شہر اسکول سروے لیں

آپ کی آواز اہم ہے! ہر سال تمام والدین / اساتذہ، اور گریڈ 12-6 کے طلبا **نیو یارک شہر اسکولی سروے** لیتے ہیں۔ یہ سروے والدین کے لیے خفیہ ہوتا ہے اور نتائج اسکول کے قائدین کے ساتھ بانٹے جاتے ہیں تاکہ وہ آپ کے تبصرات کی بنیاد پر اصلاح کرسکیں۔ اپنے اسکول کے مرکزی دفتر میں نیو یارک شہر اسکول سروے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں یا آن لائن سروے لینے کے لیے nycschoolsurvey.org پر جائیں۔

## اپنی رابطہ معلومات کی تجدید کریں

والدین کو یقینی بنانا چاہیئے کہ ان کی ہنگامی صورت میں رابطے کی (گھر کا پتہ، سیل نمبر، ای میل، وغیرہ) معلومات مکمل اور تازہ ترین ہیں۔ اپنی معلومات کی تصدیق اور / یا ان میں تجدید کرنے کے لیے اپنے اسکول کے صدر دفتر سے بات کریں۔





## اپنے والدین ربط دہندہ سے بات کریں

والدین ربط دہندہ یہاں مدد کرنے کے لیے ہیں! اپنے بچے کے اسکول کے والدین ربط دہندہ کو جانیں، اور اسکول کے پروگراموں، وسائل، تربیتوں، سرگرمیوں اور شمولیت کرنے کے طریقوں کی رہنمائی اور معلومات کے بارے میں ان سے رابطہ کریں۔

## اسکول کی سرگرمیوں، اجلاسوں اور فیصلوں میں شرکت کریں۔

اسکول تمام تعلیمی سال کے دوران مختلف تقریبات منعقد کرتے ہیں —جیسے طلبا کے کام کی نمائش، خاندانوں کے لیے ورکشاپس، اور معلوماتی سیشنز—جو آپ کے بچے کے اسکول کی برادری سے رابطہ کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ آپ کا چاہے کوئی بھی شیڈول ہو، آپ کے لیے شرکت کرنے کا طریقہ موجود ہے۔ اپنے والدین ربط دہندہ سے آنے والی تقریبات اور سرگرمیوں کے بارے میں بات کریں۔

## PA/PTAs کے ایک سرگرم عمل رکن بنیں

والدین /سرپرست **انجمن والدین (PA) یا والدین اساتذہ کی انجمن (PTA)** کے سرگرم عمل رکن بن کر اپنے بچے کی تعلیم اور اسکولی برادری میں مثبت فرق لا سکتے ہیں۔ PA/PTAs کے ذریعے، والدین روابط بنا سکتے ہیں، تبادلہ خیال کر سکتے ہیں، اسکول کے مسائل حل کرنے کے لیے مل کر کام کرسکتے ہیں، اور اسکول کی پالیسی اور بجٹ کے فیصلوں پر اثر انداز ہوسکتے ہیں۔

اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے PA/PTA کے اگلے شیڈول کردہ اجلاس کے بارے میں معلوم کریں اور حصہ لینے والے والدین سے اس بارے میں مزید جاننے کے لیے رابطہ کریں کہ آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کی مدد کرسکتے ہیں۔

## والدین کے قیادتی عہدوں کے لیے کھڑے ہوں

والدین، مقامی، ضلع اور شہر پیما سطوح پر بطور منتخب کردہ والدین قائدین کے اپنی اسکولی برادریوں کے لیے خدمات انجام دے سکتے ہیں۔ PA/PTAs، **اسکول قیادتی ٹیموں، شہرپیما اور اجتمائی تعلیم کونسلوں (CCEC/CECs) اور صدور کونسل** میں منتخب کردہ عہدے دستیاب ہیں۔ CCECs اور CECs کے اگلے انتخابات کا انعقاد موسم بہار 2021 میں کیا جائے گا۔

➤ والدین کے لیے کیے جانے والے عہدوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری والدین قائد کی ویب سائٹ schools.nyc.gov/parentleader پر جائیں۔

# میں کس سے بات کروں؟

## استاد:

آپ کے بچے کی تعلیم اور گریڈز کے ساتھ ساتھ طرز عمل، سماجی اور جذباتی نشونما کے بارے میں سوالات کے جوابات دیتا ہے۔ استاد اہل خانہ کا پہلا اور اہم بنیادی رابطے کا فرد ہے۔ خاندان کو اپنے بچوں کے اساتذہ کے ساتھ باقاعدہ بات چیت کرتے رہنا چاہیئے۔

## والدین ربط دہندہ:

اہل خانہ کو اسکول خدمات اور پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں، اور سوالات اور تشویشات کے جوابات دینے میں مدد کرتے ہیں۔ والدین پر مبنی سرگرمیوں اور مواقع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے رابطہ کریں۔

## اسکول مشیر:

طلبا کو سماجی اور جذباتی معاونت کے ساتھ تعلیمی رہنمائی بھی فراہم کرتے ہیں۔ اپنے بچے کو پیش آنے والے کسی بھی سماجی یا جذباتی امور، ہائی اسکول داخلوں، تعلیمی شیڈولنگ، گریڈز، اور کالج / طرزِ معاش کی منصوبہ بندی کے لیے اسکول مشیران سے بات کریں۔

## نائب پرنسپل:

پرنسپل کی اسکول پروگراموں، تعلیمات، طالبانہ معاونت، اور نظم و ضبط کی نگرانی میں پرنسپل کی مدد کرتے ہیں اور ان معاملات میں سوالات کے جواب اور مدد دے سکتے ہیں۔

## پرنسپل:

اسکول کے تمام عملے کے اراکین اور طلبا کی قیادت اور نگرانی کرتے ہیں۔ اگر کوئی ایسی تشویشات ہیں جو استاد، والدین ربط دہندہ، یا اسکول کے دیگر عملے کے ذریعے حل نہیں ہو سکتی ہیں تو اپنے پرنسپل کے ساتھ بات کرتے ہیں۔

## ضلعی خاندانی معاونتی رابطہ کار:

آپ کے اسکولی ضلع میں اہل خانہ کی تشویشات کے لیے رابطے کا فرد ہے۔ اگر آپکی کوئی تشویشات ہیں جو اسکول سطح پر حل نہیں کی جاسکتیں، اپنے ضلع کے خاندانی معاونتی رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

## ضلعی خاندانی قیادتی رابطہ کار:

اسکول اور ضلعی والدین قیادتی ساختوں، بشمول PA/PTAs، اسکول قیادتی ٹیموں، اور مزید کی معاونت کرتا ہے۔ اپنے اسکول یا ضلع میں والدینی قیادت کے مواقع کے بارے میں اپنے ضلعی خاندانی قیادتی رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

## مہتمم:

اجتمائی مہتمین گریڈز K-8 کو خدمات فراہم کرنے والے اسکولوں کی اعانت اور نگرانی کرتے ہیں، جبکہ ہائی اسکول مہتمین گریڈز 9-12 کو خدمات فراہم کرنے والے اسکولوں کی اعانت اور نگرانی کرتے ہیں۔ ضلع 75 کے متہمم شہر پیما خاص تعلیم پروگراموں کی نگرانی کرتے ہیں، اور ضلع 79 کے مہتمم متبادل پروگرامز کی۔

آپ کا ضلعی خاندانی معاونتی رابطہ کار اور خاندانی قیادتی رابطہ کار آپ کے مہتمم کی ٹیم کے ممبران ہیں۔ ان کی رابطہ معلومات schools.nyc.gov/superintendents کو استعمال کرتے ہوئے پائی جاسکتی ہے۔







## شہر کے اسکولوں تک ذرائع نقل و حمل

شہر کے طلبا یا تو **پیلی بس کی خدمات** (جہاں اہلیت کی بنیاد پر، نیو یارک شہر طلبا کے لیے **پیلی بس خدمات** یا طلبا کے لیے ایک مکمل کرائے کے میٹروکارڈ کا تعین کر سکتا ہے۔ جن طلبا کو ان کے IEP میں متعلقہ خدمات کے طور پر نقل و حمل فراہم کی جاتی ہے یہ طلبا متخصص نقل و حمل کے لیے اہل ہیں۔

### اسکول کی پیلی بس خدمات کے لیے بس اسٹاپ

پبلک اسکولوں کے لیے اسکول بس خدمات کا بس اسٹاپ ضلع کے اندر ہوتا ہے اور غیر پبلک اسکولوں کے لیے شہر کے برو کے اندر ہوتا ہے۔

اہلیت کی بنیاد طالب علم کے گریڈ کی سطح اور گھر اور اسکول کے درمیان سفر کرنے کے فاصلے پر ہوتی ہے۔

- **گریڈز K–2** طالب علم اپنے اسکول سے ½ میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتا ہے۔
- **گریڈز 3–6** طالب علم اپنے اسکول سے 1 میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتا ہے۔
- **گریڈز 7–12** طالب علم پیلی بس کی خدمات کے لیے اہل نہیں ہے

IEP کے حامل گریڈ کنڈر گارٹن تا 8 کے جن طلبا کے لیے متخصص نقل حمل ضروریات کی نشان دہی نہیں کی جاتی ہے یہ طلبا 'اسٹاپ سے اسکول تک' نقل وحمل کے اہل ہیں۔

### میٹرو کارڈز

اپنے اسکول سے ½ میل سے زیادہ فاصلے پر رہنے والے گریڈ کنڈر گارٹن تا 12 کے تمام طلبا مکمل کرائے کے طالبانہ میٹرو کارڈ موصول کرنے کے اہل ہیں۔

### وہ طلبا جو بے گھر ہیں یا عارضی رہائش گاہ میں مقیم ہیں

جو طلبا بے گھر ہیں یا عارضی رہائش گاہ میں مقیم ہیں، یہ جب تک بے گھر ہیں اس تعلیم سال کے اختتام تک مفت نقل حمل خدمات کے اہل ہیں جس میں یہ مستقل رہائش گاہ میں رہنا شروع کر دیں اور ایک اضافی سال کے لیے اگر یہ اپنے اسکول کے حتمی گریڈ میں ہیں۔

محکمئہ تعلیم طالب علم کے مقامی اسکول یا، متبادل طور پر، طالب علم کے نئے محلے کے اسکول، اور ان کے موجودہ رہائشی مقام سے آنے جانے کے لیے ذرائع نقل و حمل فراہم کرتا ہے۔ نقل و حمل پیلی بس کی خدمات کے ذریعے فراہم کی جا سکتی ہیں یا طالب علم اور جہاں مناسب ہو، والدین کو ایک میٹرو کارڈ فراہم کر کے مہیا کی جا سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ، پناہ گاہوں میں رہنے والے گریڈ کنڈر گارٹن تا 6 کے طلبا عوامی ذرائع نقل حمل کے علاوہ، قابل

موازنہ، متبادل قسم کی نقل و حمل کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

- ذرائع نقل و حمل کے بارے میں سوالات کے لیے schools.nyc.gov/transportation پر جائیں۔

# صحت اور بہبود

## اسکول کے کھانے

DOE تمام پبلک اسکول طلبا کو فخریہ مفت ناشتہ اور دوپہر کا کھانا پیش کرتا ہے۔ اسکول کے کھانے کے تمام مینو غذائیت کے وفاقی معیارات پر پورا اترتے ہیں یا ان سے متجاوز ہیں، اور ان میں مصنوعی رنگ، یا ذائقے، یا پریزرویٹیوز جیسی ملاوٹیں شامل نہیں ہوتی ہیں۔ مینو میں ہو ل گرین بریڈ، تازہ پھل اور کچھ اسکولوں میں سلاد بار شامل ہے۔

اسکول کے تمام مینو schoolfoodnyc.org پر آن لائن لائن شائع کیے گئے ہیں، اس میں سبزیوں کے کھانے کے انتخابات شامل ہیں۔ آپ محکمئہ تعلیم کی موبائیل ایپ فیڈ یور مائنڈ بھی ڈاون لوڈ کرسکتے ہیں۔

## موسم گرما کھانے

**موسم گرما کھانے کے پروگرام** کے ذریعے، 18 سال اور اس سے کم عمر تمام بچے پبلک اسکولوں، شہر کے پارکوں اور پولز، نیو یارک شہر ہاوسنگ اتھارٹی کامپلکس اور غیر نفعی تنظیموں میں مفت کھانا موصول کرتے ہیں۔ اپنے قریبی مقام کو تلاش کرنے کے لیے Feed Your Mind ایپ کو استعمال کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔

## صحتیاتی خدمات

صحتمند طلبا بہترین سیکھتے اور کارکردگی دکھاتے ہیں۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلبا کی صحت بہترین ہے اسکول صحت اور انسداد کی کئی خدمات کی پیشکش کرتے ہیں۔

## مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات

گریڈز پری کنڈرگارٹن تا 12 کے تمام طلبا کے پاس مدافعتی ٹیکوں کے دستاویز ہونے لازمی ہیں جیسا کہ نیویارک ریاست اور مقامی قانون کا تقاضہ ہے۔ کچھ گریڈز میں طلبا کے لیے خاص مدافعتی ٹیکے درکار ہیں۔ مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات schools.nyc.gov/immunization پر پائے سکتے ہیں۔

## جسمانی معائنہ

پری کنڈر گارٹن تا گریڈ 12 کے تمام نئے طلبا کے لیے ایک جسمانی معائنہ مکمل کرنا لازمی ہے۔ یہ جامع طبی معائنہ ایک ڈاکٹر کے ذریعے فارم **CH-205** پر قلم بند کرنا لازمی ہے جو ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ جن طلبا کے والدین/ سرپرست یہ دستاویزات فراہم نہیں کریں گے ان کی تشخیص ایک اسکول کے صحت کے ڈاکٹر کے ذریعے کی جائے گی۔

## بصارت کا معائنہ

اسکول میں ہوتے ہوئے، آپ کے بچے کا معائنہ کیا جائے گا یہ یقینی بنانے کے لیے کہ وہ بہترین آموزش کے لیے موزوں طور پر دیکھ سکتے ہیں۔

- schools.nyc.gov/schoolhealth پر بصارت کی جانچ کے بارے میں مزید جانیئے۔

## خاص خدمات

اسکول خاص طبی ضروریات کے حامل طلبا کے لیے، نگہداشت، خدمات اور سہولیات فراہم کر سکتے ہیں۔ ان میں شامل ہوسکتا ہے دوائی دینا، جانچ جیسے گلوکوز کی نگرانی اور دیگر علاج۔ اگر ایک بچے کو خاص خدمات کی ضرورت ہے، تو والدین کو ایک طبی فارم مکمل کرکے اپنے اسکول میں جمع کروانا درکار ہوگا۔ فارمز schools.nyc.gov/healthservices پر دستیاب ہیں۔

## جسمانی اور دماغی صحت

DOE کے کچھ کیمپسز میں **اسکول میں قائم صحت مراکز ہیں (SBHCs)** یا **اسکول میں ذہنی صحت مراکز (SMHCs)** ہیں۔ یہ خدمات خاندانوں کو بغیر کسی لاگت کے دستیاب ہیں۔ دیگر کیمپسز میں، اسکول صحت نرسیں اور ڈاکٹرز دوائیاں دینا، فوری دیکھ بھال اور دائمی بیماریوں کی منتظمی فراہم کرتے ہیں، جبکہ متعدد نوعیت کے پیشہ وران ذہنی صحت مشاورت، خدمات اور صلاح کاری فراہم کرتے ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لیے مزید جانیں کہ آپ کے اسکول میں کیا معاونتیں دستیاب ہیں، schools.nyc.gov/mentalhealth پر جائیں۔

# نظم و ضبط اور تحفظ

## سب کے لیے احترام

تمام طلبا کا ایسے تعلیمی ماحول کا حق ہے جو مشمولی، محفوظ، معاونتی، اور پُراحترام ہو۔ ہمارے اسکولوں میں کسی بھی قسم کی زبانی اور جسمانی جارحیت، ہراس، دھمکانے، غنڈہ گردی اور امتیازیت کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔

DOE کی **سب کے لیے احترام** پالیسی ممنوع طرزِ عمل کی خاکہ کشی کرتی ہے اور ایسے اسکولی ماحول قائم رکھنے میں رہنمائی کرتی ہے جو ہراساں کرنے، دھمکانے، اور / یا غنڈہ گردی سے پاک ہو اور حقیقی



یا تصور کردہ نسل، رنگ، عقیدہ، نسلیت، قومی نژاد، غیرملکی ہونے/ شہریت کی صورتِ حال، مذہب، صنف (جنس)، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی رجحان، معذوری، یا وزن کی بنیاد پر امتیازیت سے مبرا ہو۔

**شہرپیما طرزِ عمل کی توقعات** DOE کے طلبا کے طرزِ عمل کے معیارات کی خاکہ کشی کرتا ہے اور اسکولی عملے کی رہنمائی کرتا ہے کہ طلبا کے مابین غیرمناسب رویے پر کیسا ردِعمل کیا جائے اور کیسے نمٹا جائے۔ یہ معلومات اسکول میں یا آن لائن schools.nyc.gov/behavioralexpectations پر دستیاب ہیں۔

- schools.nyc.gov/respectforall پر سب کے لیے احترام کے بارے میں مزید جانیئے۔

## غنڈہ گردی کی شکایت کرنا

غنڈہ گردی کو کسی بھی شکل میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ غنڈہ گردی دھمکانے، امتیازی برتاو، ہراس کی صورت اختیار کر سکتی ہے اور یہ جسمانی سماجی، زبانی یا تحریری ہو سکتی ہے۔ کسی بھی طالب علم کے خلاف اس طرح کے طرز عمل کی ممانعت ہے۔

جو طلبا سمجھتے ہیں کہ وہ غنڈہ گردی یا دھمکانے کے طرز عمل، ہراساں ہونے، یا امتیازیات کا شکار ہوئے ہیں یا طالب علم جس کو غنڈہ گردی کا علم ہو اس کو بھی ایسے طرز عمل کی رپورٹ ان کے ہر ایک اسکول میں چسپاں پوسٹر پر درج اسکول کے سب کے لیے احترام کے رابطہ کار کو یا اسکول کے کسی ملازم کو کرنی چاہیئے۔

خاندانوں کو عملے کے ذریعے طالب علم کے ساتھ غنڈہ گردی کرنے، ہراساں کرنے، دھمکانے کی رپورٹ پرنسپل یا DOE کے **دفتر برائے یکساں مواقع اور تنوعیت کا انتظام** کے پاس کرنی چاہیئے۔ schools.nyc.gov/oeo پر ایک شکایت جمع کروائیں۔

کوئی بھی بشمول والدین کے طالب علم سے طالب علم کی غنڈہ گردی کی رپورٹ بذریعہ ای میل کرسکتا ہے

RespectForAll@schools.nyc.gov (718) 935-2288 پر فون کریں یا nycenet.edu/bullyingreporting پر ایک آن لائن رپورٹ جمع کروائیں۔

## حفاظتی تبادلے

جو والدین کے یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے بچے اسکول میں غیر محفوظ ہیں ان کو اسکول کے پرنسپل کے ساتھ بات چیت کرنی چاہیئے۔ خاندان اپنے خاندانی استقبالیہ مرکز میں جاکر ایک حفاظتی تبادلے کی درخواست کرسکتے ہیں، جو درکار دستاویزات حاصل کرنے کے لیے اسکول کے ساتھ کام کرے گا۔ تمام صورتوں میں، خاندانوں سے ایک پولیس رپورٹ پیش کرنے کا مطالبہ نہیں کیا جاتا ہے۔

- schools.nyc.gov/transfers پر مزید جانیں یا 718-935-2009 پر فون کریں۔

## طلبا کو محفوظ رکھنا

طلبا کو ایک ہنگامی صورت میں محفوظ رکھنے کے لیے ہر اسکول میں حفاظتی منصوبہ موجود ہے۔ اسکول کے حفاظتی منصوبے کے ایک جز کے بطور، طلبا اور عملے کے ممبران تمام تعلیمی سال کے دوران ہنگامی مشقوں اور اسباق میں حصہ لیتے ہیں۔ یہ مشقیں اور اسباق طلبا کی عمر اور گریڈ سطح سے متناسب زبان اور طریقوں سے پیش کیے جاتے ہیں۔ گھر پر بات چیت میں مدد کے لیے والدین کو بھی معلومات فراہم کی جاتی ہے۔ تمام اسکول ہر تعلیمی سال میں کم از کم تین اسکول بس حفاظتی مشقیں بھی انجام دیتے ہیں۔

- DOE کے حفاظتی طریقِ کار کے بارے میں schools.nyc.gov/emergency-readiness پر مزید جانیں۔

## سوشل میڈیا رہنما خطوط

طلبا کو اسکول کے اندر اور باہر سوشل میڈیا کو ذمہ داری سے استعمال کرنا چاہیئے۔ اپنے بچوں سے آن لائن محفوظ ابلاغ کے بارے میں بات کریں، بشمول یہ کہ آن لائن سرگرمیاں کس طرح اصل زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں، سائبر غنڈہ گردی سے حفاظت، اور ایسی مثالیں فراہم کریں کہ سوشل میڈیا کو کس طرح مثبت طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔

- ذیل پر سوشل میڈیا کے مکمل رہنمائی خطوط اور والدین کے لیے ایک رہنمائی کو پائیں schools.nyc.gov/socialmedia

## سیل فون پالیسی

تمام طلبا اپنے سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات، اور دستی میوزک پلیئرز اسکول لا سکتے ہیں۔ تاہم، ہر ایک اسکول کی سیل فون اور دیگر برقیاتی آلات کے استعمال کی اپنی پالیسی ہے، اور طلبا کو پالیسی کے ضوابط کی پابندی کرنا لازمی ہے۔ جو طلبا اسکول کی سیل فون پالیسی کی پابندی نہیں کریں گے ان کے سیل فون ان سے عارضی طور پر لے لیے جا سکتے ہیں۔

اسکول کی سیل فون پالیسی کے بارے میں سوالات کے لیے اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا پرنسپل سے رابطہ کریں۔

- اس پالیسی کے متعلق چانسلر کے ضابطے کے بارے میں schools.nyc.gov/chancellorsregs پر مزید جانیئے



ریاستی اور وفاقی قانون کے تحت آپ کو بطور والدین اور سرپرست مخصوص حقوق حاصل ہیں۔ ان میں ذیل حقوق شامل ہیں:

- عوامی اجلاس کے ساتھ ساتھ چانسلر کی سماعت، شہری بورڈ (مثلاً پینل برائے تعلیمی پالیسی)، اجتمائی مہتمم، اجتمائی تعلیمی کونسل اور اسکولوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا اور ان میں شرکت کرنا۔
- محکمئہ تعلیم اور / یا دیگر ریاستی یا وفاقی ایجنسیوں کے پاس اسکول کے کسی فیصلے کی اپیل کرنا یا آپ کے بچے کی تعلیم کو متاثر کرنے والے کسی معاملے کے بارے میں شکایت دائر کرنا۔
- ایسے پروگراموں کی معلومات تک رسائی جو آپ کے بچے کی ایسے اسکولوں میں داخلے میں مدد کریں جو آپ کے بچے کی شرکت کرنے والے زون سے باہر ہیں، جہاں بھی مناسب ہو۔

➤ والدین کے حقوق کے مکمل قانون کے بارے میں مزید جاننے یا یہ جاننے کے لیے کہ ایک شکایت کس طرح دائر کی جائے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/parentrights یا 311 پر رابطہ کریں۔

## ہمارے تمام طلبا کو تحفظ فراہم کرنا

DOE تمام طلبا کے پبلک اسکول میں شرکت کرنے کے حق کا تحفظ کرنے کا پابند عہد ہے، نقل وطنی، قومی نژاد، یا مذہب سے قطع نظر۔ ریاسہتائے متحدہ سپریم کورٹ بھی تمام طلبا کے لیے عوامی تعلیم کی اہمیت کو جانتی ہے، بشمول بغیر دستاویزات کے طلبا کے۔

### ہم آپ کو باخبر رکھنا چاہتے ہیں کہ DOE:

- نیویارک شہر کے علاوہ قانونی نفاذ کے افسران کو بشمول ریاستہائے متحدہ نقل وطنی اور کسٹم نفاذ کے کارندوں کو اسکولوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دیتا ہے ماسوائے کہ ایسا قانوناً مطلوب ہے؛ اور
- طلبا یا خاندانوں کے نقل وطنی کی صورت حال پر نظر نہیں رکھتا ہے، اور یہ طالبانہ معلومات افشا نہیں کرے گا تاوقیکہ قانون اس کا تقاضا کرے۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلبا محفوظ اور ایک مشفق ماحول میں تعلیم حاصل کرنا جاری رکھیں، DOE نے اسکولوں کو نقل وطنوں کے متعلق کاروائیوں، تفتیش، اور /یا گرفتاریوں کے لیے رہنمائی خطوط فراہم کیے ہیں۔

➤ مزید معلومات، بشمول اہل خانہ وسائل اور اکثر اوقات پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات کے لیے، DOE کی سپورٹینگ آل اسٹوڈنٹس ویب سائٹ پر جائیں: schools.nyc.gov/supportingallstudents.

## طالب علم کے ووٹ دینے کے حق کا نوٹس

DOE طلبا کے ووٹ ڈالنے کے حق کو استعمال کرنے کی اعانت کرتا ہے۔ نیویارک میں ووٹ ڈالنے کے لیے طالب علم کا شہری ہونا اور کم از کم 18 سال کی عمر کا ہونا لازمی ہے۔ وہ طلبا جو 17 سال کے ہیں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہوسکتے ہیں اگر وہ اگلے انتخابات سے پہلے 18 سال کے ہوجائیں گے۔ 2020 سے شروع، 16 سالہ ووٹ دینے کے لیے پری رجسٹر ہوسکتے ہیں۔ ووٹر رجسٹریشن فارمز DOE کے تمام ہائی اسکولوں کے مرکزی دفاتر میں دستیاب ہیں۔

## رازداری کے حقوق کا وفاقی نوٹس

**اہل خانہ تعلیمی حقوق اور رازداری کا ایکٹ (FERPA)** والدین کو اور 18 سال اور اس سے بڑی عمر طلبا کو طالبانہ تعلیمی ریکارڈ کے متعلق مخصوص حقوق دیتا ہے۔ **والدین کے حقوق کا قانون،والدین کے حقوق کا قانون برائے ڈیٹا رازداری اور تحفظ** ، اور چانسلر کا ضابطہ A-820 اضافی معلومات فراہم کرتا ہے جس کو آپ schools.nyc.gov/chancellorsregs پر پڑھ سکتے ہیں۔

### دیگر امور کے علاوہ، آپ کو ذیل حقوق ہیں:

- DOE کو آپ کی درخواست موصول ہونے کے 45 دنوں کے اندر اپنے بچے کے ریکارڈ کی جانچ کرنے اور جائزہ لینے کا۔
  - آپ کو تحریر میں ایسی درخواست جمع کروانی چاہیئے جس میں اس ریکارڈ (ریکارڈز) کی نشان دہی کی گئی ہو جن کا آپ جائزہ لینا چاہتے ہیں۔
  - آپ کے بچے کا اسکول آپ کو اس وقت اور مقام سے مطلع کرے گا جہاں آپ ان ریکارڈ کا جائزہ لے سکیں گے۔
- اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ میں تبدیلی کی گزارش کرنا جب آپ کا خیال ہو کہ یہ غلط،

گمراہ کن ہے یا FERPA کے تحت آپ کے بچے کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

- آپ کو ریکارڈ میں تجدید کرنے کے لیے تحریر میں درخواست کرنی چاہیئے اور اس کی نشان دہی کرنی چاہیئے جو آپ تبدیل کرنا چاہتے ہیں اور ایسا کرنے کی وجہ بیان کرنی چاہیئے۔
- اگر محکمۂ تعلیم درخواست کے مطابق ریکارڈ میں تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے، آپ کو فیصلے اور آپ کی سماعت کے حقوق اور سماعت کے مخصوص طریق کار سے مطلع کیا جائے گا۔

- تحریری اجازت فراہم کرنا اس سے پہلے کہ آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈ میں ذاتی قابلِ شناخت معلومات کو افشا کیا جائے۔ تاہم، کچھ صورتوں میں، FERPA بغیر اجازت کے افشا کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ ایسی صورتیں جن میں معلومات کو بغیر اجازت افشا کیا جا سکتا ہے:
  - اسکول افسران کے سامنے افشاء کرنا جنہیں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داری کی تکمیل کے واسطے کسی تعلیمی ریکارڈ کا جائزہ لینا درکار ہو۔ اسکولی افسران میں ذیل شامل ہیں:
    - محکمۂ تعلیم کے ملازمین (جیسے منتظمین، نگران، اساتذہ، دیگر معلمین یا معاونتی عملے کے ارکان)؛ اور
    - وہ افراد جن کو محکمۂ تعلیم ایسی خدمات فراہم کرنے یا کام کرنے میں مصروفِ عمل کرتا ہے جن کے لیے بصورتِ دیگر محکمۂ اپنے ملازمین کو استعمال کرتا ہے۔ ان میں شامل ہیں (a) ٹھیکیدار، (b) ایجنٹس، (c) مشیران، (d) دیگر حکومتی اداروں کے ملازمین جو DOE سے متعلقہ خدمات یا کام فراہم کرتے ہیں، جیسے کہ DOE کی نمائندگی کرنے والے شعبہ قانون کے وکلاء، اور نیویارک شہر محکمہ صحت اور دماغی صحت کی جانب سے ملازم رکھی گئی اسکول نرسیں، (e) والدین، طلبا، یا دیگر رضاکاران جو اسکولی افسران کی ان کے کاموں میں مدد کرتے ہیں۔ تعلیمی ریکارڈ سے قابل شناخت ذاتی معلومات کا استعمال اور دیکھ بھال کے متعلق ایسے افراد کو DOE کا براہ راست ماتحت ہونا لازمی ہے۔ براہ راست ماتحتی کا حصول مختلف طریقوں سے کیا جا سکتا ہے، بشمول تحریری معاہدہ۔
  - جب کسی اور اسکول، ضلع یا تعلیمی ادارے کے افسران ریکارڈ کی درخواست کریں جس ادارے میں آپ کا بچہ اندراج کا خواہاں ہے، یا اندراج کی منصوبہ بندی کر رہا ہے یا پہلے سے مندرج ہے اگر یہ درخواست آپ کے بچے کے اندراجی یا منتقلی کے مقاصد کے لیے کی جائے۔
  - آپ مذکورہ بالا والدین کے حقوق کے بل میں دیگر صورتوں کے بارے میں جان سکتے ہیں جن میں معلومات کو بغیر اجازت کے افشا کیا جاسکتا ہے۔

- اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم FERPA کی مطلوبات کی تکمیل کرنے میں ناکام رہا ہے تو آپ ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم کے پاس ایک شکایت دائر کر سکتے ہیں۔ شکایات ذیل میں درج کی جاسکتی ہیں:

**Family Policy Compliance Office**
**U.S. Department of Education**
**400 Maryland Avenue**
**SW Washington, DC 20202-8520**

- آپ کے بچے کی ذاتی قابلِ شناخت معلومات کو کسی کاروباری مقصد کے لیے بیچا یا افشا نہ کیا جائے۔
- ڈیٹا کی ممکنہ خلاف ورزی کے بارے میں شکایات کرنا اور ایسی شکایات سے نمٹنا۔
  - نیویارک ریاست محکمہ تعلیم کو شکایتیں تحریر میں ہونی چاہییں اور ذیل کو بھیجی جائیں:

**Chief Privacy Officer**
**New York State Education Department**
**89 Washington Avenue**
**Albany, NY 12234**

یا بذریعہ ای میل CPO@mail.nysed.gov پر
نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم کو شکایتیں بذریعہ ای میل data-security@schools.nyc.gov پر یا تحریری طور پر ذیل پر بھیجی جانی چاہیئں:

**Office of the Chief Information Officer**
**Division of Instructional and**
**Information Technology**

**New York City Department of Education**
**335 Adams Street**
**Brooklyn, NY 11201**

آپ اپنے اضافی حقوق کے بارے میں معلومات مذکورہ بالا والدین کے حقوق کا بل برائے ڈیٹا رازداری اور تحفظ میں جان سکتے ہیں۔

# فہرست

صفحہ ....... #


#

3-K ....... 8-9

IDNYC ....... 24

MYSCHOOLS ....... 9, 10, 13, 15

NYC READS 365 ....... 24

ا

اسکول قیادتی ٹیم (SLT) ....... 26–27

اسکول کے کھانے ....... 29

اسکولی کوالٹی سنیپ شاٹ اور رہنمائیاں ....... 25, 9

اشاروں کی زبان کی خدمات ....... 22

الیمنٹری اسکول (گریڈز K-5) ....... 10–12

امتیازیت ....... 30

اندراج ....... 2, 5, 8–9, 12, 13, 15, 27, 32

انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ....... 19, 21, 28

انگریزی زبان کے متعلمین/ کثیرالسانی
متعلمین ....... 2, 19, 21–22, 23

ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP) ....... 7, 18

ب

بعد از اسکول پروگرام ....... 23

پ

پری کے (پری کنڈرگارٹن) ....... 7, 8–9, 10

ت

تبادلہ اسکولز ....... 16–17

تبادلے، تحفظ ....... 31

ترجمہ اور ترجمانی ....... 2, 22

تعلیم بالغان اور جاری تعلیم ....... 17

چ

چارٹر اسکولز (K-12) ....... 2 ,10

ح

حاضری ....... 3, 22

خ

خاص تعلیم ....... 2, 19, 21

خاندانی استقبالیہ مراکز ....... 2, 9, 10, 13, 15, 31

خاندانی قیادت رابطہ کاران ....... 27

خاندانی معاونت رابطہ کاران ....... 27

د

دفتر برائے یکساں مواقع اور تنوعیت ....... 30

ڈ

ڈپلومہ (مطلوبات، قسمیں، متبادلات) ....... 16–18

ذ

ذرائع نقل و حمل ....... 2, 28–29

ر

رازداری کے حقوق، وفاقی (FERPA) ....... 32–33

س

سب کے لیے احترام ....... 3, 30

سب کے لیے مساوات اور عمدگی ....... 7

سمر ان دا سٹی (SITC) ....... 23–24

– سمر اکیڈمی ....... 23–24

– گرمیوں کا اسکول ....... 22–23

سوشل میڈیا رہنما خطوط ....... 31

سیل فون پالیسی ....... 31

ش

شہر پیما طرزِ عمل کی توقعات ....... 30

شیرخوار اور چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کے پروگرامز ....... 8


صفحہ ....... #


ص

صحت سے متعلقہ خدمات ....... 29-30

– مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات ....... 29

– دماغی صحت ....... 29-30

– جسمانی معائنے ....... 29

– خاص خدمات ....... 29

ض

ضلعی نقشہ ....... 5

ط

طرز معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE) ....... 16, 17

طلبا کی پیش رفت اور ترقی ....... 3, 22-23

غ

غنڈہ گردی ....... 3, 30–31

ف

فنون انگریزی زبان (ELA) اور
ریاضی امتحانات (نیویارک ریاست) ....... 11, 15

ق

قابل اور ہنرمند پروگرامز (گریڈز K-5) ....... 12

ک

کالج ....... 7, 16, 17, 18-20, 27

– درخواستیں ....... 19

– داخلہ امتحانات (PSAT, SAT, ACT) ....... 18

– ادائیگی کرنا ....... 19–20

– منصوبہ بندی کرنا ....... 7, 16, 17, 18–20

کمرہ جماعت کے باہر تعلیم ....... 23–24

کمنسمنٹ کریڈینشلز ....... 17

کنڈرگارٹن ....... 10–11

کونسلیں، تعلیمی (CCEC/CECS) ....... 26, 32

کونسلیں، صدور کی ....... 26

کیلنڈر ....... 4-5

گ

گھریلو زبان کا سوالنامہ (HLQ) ....... 21

م

متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT) ....... 15, 23

مڈل اسکول (گریڈز 6-8) ....... 13–14

مہتممین ....... 27

موسم گرما میں کھانوں کا پروگرام ....... 29

ن

انٹرنیشنل بیچلریٹ (IB) ....... 18

نقل وطنی حیثیت ....... 30, 32

نوبالغ برو مراکز ....... 17

نیویارک ریاست کا نشاندہی امتحان برائے
انگریزی زبان کے متعلمین (NYSITELL) ....... 21

نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ ....... 3, 22

ہ

ہائی اسکول (گریڈ 9-12) ....... 7 ,15–19

– متخصص ....... 15, 23

و

والدین اساتذہ کانفرنس ....... 4, 5, 25

والدین ربط دہندگان ....... 27, 26

والدین قائدین عہدے ....... 26

والدین کی انجمنیں (PA/PTAS) ....... 25-27

وفاقی طالبانہ امداد کے لیے مفت
درخواست (FAFSA) ....... 19–20

ووٹ ڈالنا، حقوق اور رجسٹریشن ....... 32

New York Public Library | Queens Library Enrich your life® | Bklyn Public Library

تمام نیویارک شہر میں 200 سے زائد پبلک لائبریریاں ہیں۔ مفت لائبریری کارڈ آپکو کتابیں، DVDs, CDs اور دیگر مواد مستعار لینے کا موقع دیتے ہیں۔ مقامی شاخیں بچوں کے لیے تصاویر والی کتابوں کے مطالعے سے لے کر فلمی سلسلے، نظم پڑھنا، اور بالغان کے لیے کمپیوٹر کلاسوں کی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی ہیں۔

## ہدایات:

ایک لائبریری کارڈ حاصل کرنے کے لیے، براہِ مہربانی یہ درخواست مکمل کریں اور اسے ایک قابلِ قبول ID کے ساتھ اپنی مقامی لائبریری میں جمع کروادیں۔ بالغان ایک موجودہ نیویارک ریاست ڈرائیورز لائسنس، لرنرز پرمٹ، یا دیگر تصویری شناخت دکھا سکتے ہیں۔ نو بالغان (13-17 سال کی عمر) موجودہ کام کے کاغذات یا اسکول ID دکھا سکتے ہیں۔ بچے (12 سال اور کم عمر )کے لیے ایک والدین یا قانونی سرپرست کے اس درخواست پر دستخط کروانے لازمی ہیں؛ والدین انکے بچے کے کارڈ پر مستعار لیے گئے مواد کے ذمہ دار ہونگے۔ قابل قبول شناختی فارمز اور آپکے نزدیک ایک لائبریری کے پے اپنی برو میں لائبریری کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ برونکس، مین ہیٹن اور اسٹیٹن آئلینڈ کے لیے **nypl.org** پر جائیں؛ بروکلن کے لیے **brooklynpubliclibrary.org** پر جائیں؛ کوئنز کے لیے **queenslibrary.org** پر جائیں۔ بالغان اور نوبالغان لائبریری کارڈ کے لیے آن لائین بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

### 1. ایک پر نشان لگائیں:

☐ بچہ (عمریں 12 اور کم) ☐ نو بالغ (عمریں 13-17) ☐ بالغان (عمریں 18 اور زیادہ)

### 2. طالب علم / لائبریری کارڈ رکھنے والے کی معلومات:

آخری نام ______ پہلا نام ______ درمیانہ نام/ حرف ______

تاریخِ پیدائش (سال / دن / مہینہ) ______ ☐ مرد ☐ عورت

سڑک کا پتہ ______ اپارٹمنٹ # ______

برو یا شہر ______ ریاست ______ زپ کوڈ ______

گھر کا فون ______ ای - میل پتہ ______

صارفین کی معلومات کا استعمال تینوں لائبریریوں کی راز داری کی پالیسی کے تابع ہے (**nypl.org, queenslibrary.org** اور **brooklynpubliclibrary.org** پر دستیاب ہے)۔

### 3. والدین / سرپرست (12 سال اور کم عمر کے لیے مکمل کرنا لازمی ہے):

آخری نام ______ پہلا نام ______ درمیانہ نام/ حرف ______

ای میل پتہ ______ فون نمبر ______ PIN ______

A یا B پر نشان لگائیں:

☐ A. میرا بچہ بالغان اور بچوں کے لیے مواد مستعار لے سکتا ہے ☐ B. میرا بچہ صرف بچوں کے لیے مواد مستعار لے سکتا ہے۔

والدین / سرپرست اپنے بچے کے کارڈ پر مستعار لیے گئے مواد کے ذمہ دار ہیں۔

والدین / سرپرست کے دستخط ______ تاریخ ______

**This Section is for Staff Use Only** / یہ جز صرف عملے کے استعمال کے لیے ہے

Photo ID # ______ Address Verification Proof Log ______

☐ NEW ☐ LOST/REPL ☐ TRANSFER ☐ PTYPE Exp. Date ______ Complete: (Staff Initials) ______

**مزید جانیں:** نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم آپ کے بچے کی تعلیم کے بارے میں اضافی معلومات اور تجاویز فراہم کرتا ہے کہ آپ اپنے بچے کی تعلیم کی گھر اور اسکول میں کس طرح معاونت کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں **schools.nyc.gov**.

آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے یا **311** پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

NYC Department of Education

T&I 29504 (Urdu)